صدری مجربات کا خزانہ

اِسراری مجربات

شمس الاطباء

حکیم محمد رفیق حجازی

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

سرکلر روڈ چوک اُردو بازار۔ لاہور ۔۔ فون: 7660736

طبی کتب خانہ جہانگیر سٹریٹ، گلی نمبر ۱۰۔ شیش محل روڈ، لاہور

قیمت مجلد۔ 36/

فہرست

پیش لفظ

شمس الاطباء حکیم محمد رفیق حجازی کی ذات گرامی طبی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہے قبلہ حجازی صاحب کی تمام طبی تصانیف ملک میں شہرت دوام حاصل کر چکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ میں مریضوں کو شفاء دینے کے لئے مسیحائی اثر عطا فرمایا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ کا مطب ضلع لائل پور میں مشہور و معروف ہے۔ اور مطب میں ہر وقت مریضوں کا جمگھٹا لگا رہتا ہے علاوہ ازیں ہر روز ملک کے دور دراز علاقوں سے بھی مریض آکر مستفید ہوتے ہیں۔ اور اس وجہ سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اپنے علاقہ اور شہر میں قبلہ حجازی صاحب کو بڑی عزت اور احترام حاصل ہے۔ اور ٹاؤن کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کے چیئرمین ہونے کا بھی فخر حاصل ہے یہ اس لئے کہ آپ عرصہ سولہ سال سے شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عوام کی انتہائی خلوص سے خدمت میں مصروف ہیں۔

نیز ملک کے اکثر اطباء حجازی صاحب سے جب ملاقات کرنے آتے ہیں تو مجرب نسخہ جات کے حصول کا اصرار کرتے ہیں اور بعض بذریعہ ڈاک بھی مطالبہ کرتے ہیں اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ادارہ رہنمائے زندگی نے قبلہ حجازی صاحب سے مطب میں استعمال ہونے والے تمام نسخہ جات کو شائع کرنے کی اجازت حاصل کرلی ہے اور اب آپ کے مطب کے تمام نسخہ جات بنام "اسراری مجربات" شائع کئے جارہے ہیں۔

ان نسخہ جات کے متعلق زیادہ دعوے کرنے کی ضرورت نہیں ہے ایک ایک نسخہ جواہرات سے تولنے کے لائق ہے ہم دعویٰ سے کہہ سکتے ہیں کہ مجرب نسخہ جات کے خواہشمند حضرات کو نسخہ جات کی اس سے بڑھ کر کوئی کتاب نہیں مل سکے گی۔ تمام بیماریوں کے مجرب المجرب نسخہ جات اس کتاب میں موجود ہیں جن میں یونانی اور ایلو پیتھی نسخہ جات اپنی مثال نہیں رکھتے جس نسخہ کے متعلق کوئی بات قابل پرسش ہو وہ دریافت کر سکتے ہیں۔

امید ہے ادارہ کی یہ کتاب بھی دیگر کتابوں کی طرح قبول عام حاصل کرے گی۔

محمد سلیم
رفیق منزل ٹوبہ ٹیک سنگھ
۶۳-۳-۱۳

امراض سرو اعصاب

مطبوخ صداع: گل بنفشہ ۹ ماشہ، اسطوخودوس ۹ ماشہ، گل سرخ ۹ ماشہ، آدھ سیرپانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو صاف کرکے چینی ملا کر دن میں دو تین مرتبہ پلائیں۔

فوائد: درد سر، شقیقہ و عصابہ میں معمول و مجرب ہے۔

اکسیر شقیقہ: سر کی بیماریوں میں درد شقیقہ ایک عام ہونے والی مرض ہے۔ اور ایلوپیتھک طریق علاج میں مسکنات کے استعمال سے عارضی طور پر درد رفع ہو جاتا ہے لیکن اس کے مقابلے میں یونانی طریقہ علاج کا یہ نسخہ اس مرض کے لئے اکسیر ہے۔

ھوالشافی: اسطوخودوس ۴ ماشہ، تخم دھنیا ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۷ دانہ جملہ ادویہ کو پانی میں گھوٹ کر صاف کرکے بغیر نمک یا مصری کے ملانے سے سورج چڑھنے سے پہلے استعمال کریں۔

دن میں تین بار دیں۔ درد شقیقہ کے دور کرنے میں مسیحائی اثر رکھتا ہے طب یونانی کا ایک معجزانہ نسخہ ہے۔

دیگر: ایک مولی مع برگ لے کر کوٹ لیں اور باریک کرکے ماتھے پر لیپ کریں درد شقیقہ آناً فاناً دور ہو جائے گا بارہا دفعہ کا تجربہ شدہ عمل ہے۔

سفوف اسطوخودوس: اسطوخودوس ۲ تولہ، سونف ۲ تولہ، کشنیز ۴ ماشہ، ریوند چینی ۲ تولہ، نوشادر ۴ ماشہ، قلمی شورہ ۲۰ تولہ باریک سفوف تیار کریں اور بمقدار ۱۱ ماشہ دن میں تین بار دیں۔

فوائد: درد سر، درد آنکھ عصابہ شقیقہ اور نزلہ زکام کی وجہ سے دماغ کا بند ہو جانا کے لئے مفید ہے۔

دوائے یافوخ: گل روغن ۲ تولہ، سرکہ ۲ تولہ، عرق گلاب ۵ تولہ، تمام دواؤں کو شیشی میں ملا لیں اس میں کپڑا تر کرکے تالو پر رکھیں خشک ہونے پر تر کرتے رہیں شدت مرض میں برف سے ٹھنڈا کریں گرم مواد کے دماغ کی طرف چڑھنے سے سرسامی کیفیت کا پیدا ہو جانا سرسامی، غشی، شدت پیاس بے چینی، حرارت کا بڑھ جانا وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

دواء السناء: برگ سناء ۱ تولہ، مویز منقیٰ ۱ تولہ، مغز بادام ۱ تولہ، گل سرخ ۱ تولہ، تمام ادویات کو کوٹ کر دو حصہ کرکے نصف حصہ رات کو اور نصف حصہ صبح کو پانی یا دودھ سے کھائیں۔

فوائد: درد سر مادی کے اکثر اقسام اور ایسا درد جو بخارات کے دماغ کی طرف چڑھنے کی وجہ سے ہو اس کو دور کرنے میں مفید ہے۔

اکسیر اعصابی: طوطیاء سبز ولایتی ۶ تولہ، باریک سفوف کر لیں اور ایک ظرف تام چینی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور ٹنکچر سٹیل ۱۰ تولہ شامل کر دیں۔ آنچ نرم رکھیں اور اس کے دھوئیں سے آنکھوں کو بچائیں جب تمام ٹنکچر خشک ہو جائے تو احتیاط سے کھرچ کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ا چاول یہ اکسیر امراض عصبی، فالج، لقوہ، خذر، تمدد، کے لئے عجیب الاثر ہے۔

سفوف درد ریحی: حب الملوک ۱ ماشہ، نوشادر ۱ تولہ، نمک خوردنی ۱ تولہ، تمام دواؤں کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۴ رتی دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہر قسم کے درد سر کے لئے بے حد مفید ہے خصوصاً درد سر ریحی میں فائدہ دیتا ہے شدت درد میں نسوار بھی دے سکتے ہیں۔

دواء الحلزون: کشتہ سنگھ ۱ ماشہ، دودھ کے ساتھ کھلائیں تین گھنٹہ بعد دوسری خوراک دہرائیں مرض سرسام میں تین چار خوراک کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے بے شعوری اور عدم امکان شراب دواء کی حالت میں دواء کو بذریعہ شیاف یا حقنہ استعمال کریں سرسام کے علاج میں ہمارا معمول ہے۔

دوائے شفاء: کافور، ست الائچی، ست پودینہ، ست اجوائن ہم وزن روغن دار چینی تمام ادویات ہم وزن ملا کر محلول کریں اور بوقت ضرورت دو چار قطرے کھانڈ میں ملا کر یا بتاشہ پر ڈال کر دیں۔

فوائد: ہر قسم کا درد سر فوراً دور ہو جاتا ہے علاوہ ازیں ہیضہ، تخمہ، درد شکم کے لئے بھی مفید ہے۔

امراض ناک، کان، منہ، حلق، دانت، آنکھ

مطبوخ نزلہ: عناب ۵ دانہ، لسوڑیاں ۸ دانہ، بہیدانہ ۴ ماشہ، آدھ سیر پانی میں جوش دے کر صاف کر کے دن میں تین بار پلائیں۔

فوائد: نزلہ و زکام کے لئے ابتداء میں معمول و مجرب ہے اگر مادہ پتلا ہو تو پوست خشخاش ۳ ماشہ، فی خوراک ملا لیں اگر مادہ غلیظ ہو تو زوفا ۴ ماشہ، پرسیاؤشاں ۴ ماشہ، ملا کر پلائیں نزلہ و زکام کے لئے بے حد مفید ہے۔

اطریفل زمانی بترکیب عجیبہ: کشنیز خشک ۷ تولہ، نسوت سفید (تربد مجوف خراشیدہ) ۷ تولہ، پوست ہلیلہ سیاہ ساڑھے تین تولہ، سقمونیا مشوی ۳ تولہ، گل بنفشہ ۳ تولہ، پوست بلیلہ ۱ تولہ ۱۰ ماشہ، آملہ مقشر ا تولہ ۱۰ ماشہ، بنسلوچن ۱ تولہ ۱۰ ماشہ، گل سرخ ۱ تولہ ۱۰ ماشہ، گل نیلو فر ۱ تولہ ۱۰ ماشہ، صندل سفید ساڑے تیرا ماشہ، کتیرا ساڑھے تیرا ماشہ، سب کو کوٹ کر چھان لیں اور روغن بادام شیریں ساڑھے آٹھ تولہ سے چرب کریں بعدہ عناب ۱۰۰ عدد، پستان ۱۰۰ عدد، گل بنفشہ ساڑھے تین تولہ بقدر ضرورت پانی میں جوش دیں اور چھان کر دواؤں سے ڈیڑھ گنا شیرہ مربہ ہلیلہ اور ہم وزن ادویہ شہد خالص مصفا کا قوام بنا کر ملائیں۔

مقدار و ترکیب استعمال: موسم سرما کے آغاز میں یا اختتام کے زمانہ میں یہ اطریفل ۹ ماشہ کی مقدار میں روزانہ صبح کے وقت عرق گاؤزبان کے ساتھ کھلائیں۔

افعال و منافع: اس کے ایک ہفتہ استعمال کرنے سے ایک سال تک نزلہ اور فالج و لقوہ جیسے بلغمی و

نزلی امراض سے امن رہتا ہے درد سر، قبض، قولنج، دائمی قبض میں مفید ہے۔
غذاء: دوپہر کے کھانے میں پراٹھا قورمہ کے ساتھ کھائیں تو بہتر ہے اگر قورمہ میں قورمہ کی بو رفع کرنے کے لئے دہی ڈال دی جائے تو حرج نہیں شام کو معمولی سے روٹی گوشت کے ساتھ کھائیں۔
پرھیز: دودھ، دہی، اور ہر قسم کی ترش اشیاء ترکاریوں اور برف کے پانی سے پرہیز رکھیں دوران غذاء روغن زرد کا استعمال خوب کریں۔
اکسیر نزلہ دائمی: عنبراشہب اصلی ۳ ماشہ، سلاجیت اصلی ۳ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، جوہر سم الفار ا ماشہ، کشتہ فولاد ۴ ماشہ، کستوری ۳ ماشہ، مروارید ۳ ماشہ عرق گاؤزبان میں کھرل کرکے بقدر مرچ سیاہ گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: ا تا ۲ گولی دن میں دو بار صبح و شام بعد از غذاء استعمال کریں۔
فوائد: نزلہ، زکام دائمی کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے جو نزلہ و زکام کسی دواء سے دور نہ ہوتا ہو اس کے لئے مفید ہے نیز قوت باہ، دماغ و اعصاب کو مقوی کرتی ہے بچوں اور بڑوں کے فالج کے لئے بھی مفید ہے۔
دیگر: اعضائے تنفس میں ناک کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے جس وقت ناک کی غشاء مخاطی میں ورم ہو جاتا ہے تو مرض نزلہ و زکام شروع ہو جاتا ہے یہ نسخہ مرض نزلہ و زکام کے شروع میں استعمال کرنے سے مرض کو روک دیتا ہے۔
هوالشافی: زنجبیل، اجوائن خراسانی تخم دھتورہ ہم وزن ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی کی مدد سی گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
خوراک: ا گولی روزانہ صبح اور رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ چائے یا آب تازہ دیں۔
فوائد: نزلہ، زکام، درد سر، اور خشک کھانسی کے لئے مفید ہے۔
نزلہ زکام میں جب مواد پتلا ہو حلق میں خراش اور کھانسی بار بار اٹھتی ہو تو بے حد مفید ہے۔
نقوع حابس الرعاف: یہ خون کو گاڑھا کرنے اور بند کرنے میں معمول ہیں انجبار ۵ ماشہ، عناب ۵ عدد، شاہترہ ۴ ماشہ، خیسانده بنا کر جوش دے کر کشتہ سنگ جراح ۴ رتی کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد: نکسیر کو روکتا ہے نیز سیلان الرحم اور کثرت حیض و نفاس کے لئے مفید ہے۔
تسکین درد دندان: عاقرقرحا ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، دونوں کو باریک کرکے محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت درد ناک دانت پر ملیں اگر سوراخ ہو تو دوائی سوراخ میں بھر دیں۔
فوائد: شدید درد دندان کو فوراً رفع کرتا ہے اگر دانت کے سوراخ میں کیڑے کا شبہ ہو تو دو تین دفعہ دوائی کو سوراخ میں لگائیں کیڑا فوراً مرجائے گا اور درد موقوف ہو گا۔
روغن اکسیر کان: تخم ہرمل ۲ ماشہ، سنڈھ ۲ ماشہ، عقرقرحا ۲ ماشہ، کاپھل ۵ ماشہ، ہریڑ ۲ تولہ، افیون ۳ ماشہ، تیل میٹھا ا تولہ، سرکہ ا تولہ، گل روغن ا تولہ، پانی ۵ تولہ، خشک دواؤں کو کوٹ کر سرکہ گل روغن

اور پانی میں ملائیں اور کسی برتن میں ڈال کر جوش دیں جب تمام پانی جل کر صرف روغن رہ جائے تو نتھار لیں اور دو دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

فوائد: درد کان، ورم کان، کان بہنا اور کان کی تمام تکالیف کو دور کرتا ہے اگر کان میں پھنسی ہو تو پھنسی کو پھاڑ کر بہا دیتا ہے اور زخم کو ٹھیک کرتا ہے۔

کحل اخضر: یہ زنگاری سرمہ کے نام سے مشہور ہے رمد، آشوب چشم، خارش، آنکھوں سے پانی بہنا سفیدہ، جالا، سرخی اور دیگر امراض چشم کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: سفیدی کاشغری ۴ ماشہ، کشتہ جست ا تولہ، سرمہ سیاہ ا تولہ، زنگار ۳ ماشہ، افیون ا ماشہ، زعفران ا ماشہ مثل سرمہ کے باریک کرکے محفوظ رکھیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

سنہری محلول: درد چوبہ، ہلدی کو باریک پیس لیں درد چوبہ سفوف ۴ ماشہ، عرق گلاب ا چھٹانک دونوں کو حل کرلیں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں بس تیار ہے قطرہ قطرہ آنکھوں میں ٹپکائیں یا روئی کا پھایہ تر کرکے پلکوں پر باندھیں اور گھنٹہ گھنٹہ بعد تبدیل کرتے رہیں آنکھوں کے ورم ہر قسم کے لئے مفید و مجرب ہے۔

سرمہ عینک توڑ: اس نسخہ میں ایسی ادویہ جمع کردی گئی ہیں جو آنکھوں کی تمام مرضوں کے لئے مفید ہیں اجزاء یہ ہیں۔ کشتہ مرجان ڈھائی تولہ، کشتہ صدف مروارید ڈھائی تولہ، سمندر جھاگ ۵ تولہ، کچی چینی ا تولہ، اچھلا کھانڈ ۵ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، مرچ سفید دکنی ا تولہ، پھٹکڑی ڈھائی تولہ، قلمی شورہ ڈھائی تولہ، نوشادر ڈھائی تولہ، نیلہ تھوتھا ۵ ماشہ، کلی چنبہ ۵ تولہ، کشتہ جست ۲۰ تولہ جملہ ادویات علیحدہ علیحدہ باریک سفوف کرکے یک جا آب لیموں میں کھرل کریں حتیٰ کہ بالکل سرمہ تیار ہو جائے۔

ترکیب استعمال: سلائی سے استعمال کریں اگر ککرے ہوں تو پلکوں کو الٹا کرکے پلکوں پر ملیں۔

فوائد: امراض چشم کا بہترین علاج ہے سرخی، جالا، دھند غبار، ککرے، پڑبال، گوہانجنی، کمزوری نظر، ابتدائی موتیا بند وغیرہ تمام امراض چشم کا مکمل علاج ہے۔

قطور عجیب: نیلا تھوتھا ۴ ماشہ، کافور ا ماشہ، ست پودینہ ا ماشہ، شب یمانی بریاں ۴ ماشہ، گلیسرین تین چھٹانک، عرق گلاب تین بوتل تمام دواؤں کو عرق گلاب میں حل کرکے محفوظ رکھیں۔

استعمال: آنکھوں میں قطرہ قطرہ دن میں تین بار ڈالیں۔

فوائد: امراض چشم کے لئے بے حد مفید و مجرب قطور ہے آشوب ہر قسم، رمد، پانی بہنا، سرخی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر سرمہ: سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ، سہاگہ سوختہ ا تولہ، کشتہ جست ۵ تولہ، پھٹکڑی بریاں ا تولہ، کافور ا تولہ، ست پودینہ ۳ تولہ، نیلا تھوتھا بریان ۱۱ ماشہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر غبار کی طرح کریں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام دو دو سلائیاں آنکھوں میں ڈالیں یہ سرمہ آنکھوں کی اکثر بیماریاں غبار، دھند، جالا، پانی گرنا، خارش، رمد، کمزوری نظر وغیرہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔

زخم گوش: آملہ ا تولہ، برگ نیب ۱۰ عدد، کمیلہ ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۳ ماشہ، توتیا ا ماشہ، ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ، کڑوا تیل ا پاؤ، سب سے پہلے تیل کو گرم کریں پھر ہلیلہ اور کمیلہ کے سوا باقی ادویہ ڈال کر جلائیں اتار کر ہلیلہ اور کمیلہ پیس کر ملا دیں اور کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: نیم گرم روغن کان میں ٹپکایا کریں۔

فوائد: ہر کان کے زخم کو ٹھیک کرتا ہے اور درد زائل کرتا ہے۔

امراض آلات تنفس و قلب

شربت کفنول: برگ اڑوسہ ایک سیر، زوفا آدھ سیر، بنفشہ ایک پاؤ، پوست خشخاش آدھ پاؤ، ملٹھی کوفتہ آدھ پاؤ، تمام دواؤں کو بارہ سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں صبح بارہ بوتل عرق کشید کریں۔ کشید شدہ عرق میں ۱۰ سیر چینی ملا کر شربت تیار کریں رنگ سرخ کرنے کے لئے سرخ رنگت میٹھا ملائیں۔

(نوٹ): اس شربت میں ایفڈرا بوٹی کا جو ہر ایفیڈرین دو اونس پیس کر شامل کر لیا جائے تو یہ شربت بہت مفید و مؤثر ہو جاتا ہے۔

فوائد: کھانسی ہر قسم حاد و مزمن، کالی کھانسی، دمہ کے لئے یہ شربت اکسیری اثرات رکھتا ہے عرق کشید کئے بغیر جوشاندہ سے بھی یہ شربت تیار کر سکتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تا ا تولہ دن میں تین بار دیں۔

شربت سعال: گل بنفشہ ۳ تولہ، گل نیلوفر ۳ تولہ، ملٹھی ۳ تولہ، خشخاش ۳ تولہ، عناب ۳ دانہ، تخم خبازی ۲ تولہ، گاؤزبان ۲ تولہ، تخم کتان ڈیڑھ تولہ، تخم ریحان ڈیڑھ تولہ، تخم حلبہ ڈیڑھ تولہ، لسوڑیاں ا تولہ، بہیدانہ ا تولہ، اسبغول ا تولہ، تمام ادویات کو رات بھر پانی میں بھگو رکھیں صبح جوش دے کر چھان لیں اور تین پاؤ چینی ملا کر قوام شربت کا تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ یہ شربت پانی میں حسب طبیعت ملا کر دیں ہر قسم کی کھانسی کے لئے مفید و مجرب شربت ہے۔

شربت صدر: گاؤزبان ۱۴ تولہ، گل گاؤزبان ۴ تولہ، برگ اڑوسہ ۱۹ تولہ، عناب ۱۹ تولہ، پستان ۱۰ تولہ، تخم خطمی ۱۰ تولہ، ابریشم خام مقرض ۱۰ تولہ، اصل السوس مقشر ۱۰ تولہ، پرسیاشاں ۱۰ تولہ، بادیان ۱۳ تولہ، اجوائن دیسی ۱۳ تولہ، السی ۱۳ تولہ، پوست خشخاش ۲۰ عدد تمام ادویات کو عرق گاؤزبان میں رات بھر بھگو کر صبح جوش دیں اور مل چھان کر اس میں نبات سفید پانچ سیر ڈال کر قوام بنائیں۔

فوائد: سینہ کو مواد سے پاک کرتا ہے اعضائے صدر کے امراض مثلاً کھانسی دمہ وغیرہ کے لئے مفید ہے دائمی نزلہ و زکام اور مرض سل میں بھی فائدہ بخشتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک صبح و شام۔

شربت مقوی قلب: گاؤزبان ۵ تولہ، صندل سفید ۵ تولہ، صندل سرخ ۵ تولہ، گل نیلوفر ۵ تولہ،

تمام دواؤں کو رات بھر ایک سیر پانی میں بھگوئے رکھیں صبح جوش دے کر چھان لیں اور تین پاؤ چینی ملا کر شربت کا قوام کریں بوتل میں بھر کر مضبوط کارک لگا دیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ، صبح ۲ تولہ دوپہر، ۲ تولہ شام پانی حسب طبیعت میں ملا کر دیں۔

فوائد: امراض قلبیہ خفقان گرمی، ضعف قلب، دھڑکا وغیرہ کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے مفرح قلب ہے۔

علے

سفوف سعال: دار چینی ۴ ماشہ، دانہ الائچی خورد ا تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، طباشیر ۴ تولہ، کوزہ مصری ۸ تولہ، علیحدہ علیحدہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر آپس میں ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ تا ۴ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ دن میں دو تین بار دیں۔

فوائد: کھانسی ہر قسم نئی و پرانی، دمہ، ضیق النفس، گلے کی بیماریاں نزلہ، زکام، بھوک نہ لگنا، تپدق، جسمانی کمزوری کے لئے نہایت لاجواب اکسیر ہے۔

کشتہ بارہ سنگا: بارہ سنگا ۱۰ تولہ، لوہے کے تیز اوزار سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے انگیٹھی پر جلائیں پھر اس میں ۱۰ تولہ شیر مدار ملا کر کھرل اور خشک کریں اور ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ا رتی تا ۲ رتی منقی میں رکھ کر یا ہمراہ چائے یا نیم گرم پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: ذات الجنب، ذات الریہ، ڈبہ اطفال اور کھانسی کے لئے مجرب ہے۔

اگر تیار شدہ کشتہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے آنچ دیں اور اسی طرح یہ عمل تین دفعہ کریں تو تیار شدہ کشتہ امراض صدر کے لئے نہایت اکسیر بن جاتا ہے۔

مقئ قوی: کاہی سرخ ا ماشہ، مغز بادام ۱۵ دانہ، فلفل سیاہ ۱۰ دانہ، اس کی ۱۲ گولیاں تیار کریں اور ایک گولی کھلائیں اس سے بہت کھل کر قے ہو جاتی ہے اور بلغم کافی مقدار میں خارج ہوتا ہے جس سے پھیپھڑوں پر سے بوجھ اتر جاتا ہے۔

فوائد: دمہ اور تنگی تنفس کے لئے بے حد مفید ہے۔

اکسیر قلب: یہ نسخہ قلب و دماغ کی حاد بیماریوں کے لئے اکسیر ہے طب یونانی کا لاجواب بے مثل تحفہ ہے طباشیر ا تولہ، دانہ الائچی خورد ا تولہ، زہر مہرہ ا تولہ، کہربا ا تولہ، نارجیل ا تولہ، کشتہ عقیق ۳ ماشہ، کشتہ مرجان ۳ ماشہ، صندل سفید ا تولہ، کشنیز ا تولہ، ورق چاندی ا ماشہ، ورق سونا ۴ رتی، کشتہ مرجان ۳ ماشہ، کشتہ سنگ یشب ۳ ماشہ، جملہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملا لیں پھر ایک بوتل روح کیوڑہ اور ایک بوتل روح بید مشک میں کھرل کر کے خشک کریں سفوف بن جائے گا بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: ا ماشہ ہمراہ شربت انار دیں بچوں کو ۲ رتی ہمراہ شیر مادر دیں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی مقوی دل و دماغ ہے ضعف دل و خفقان، دھڑکا، کمزوری دماغ، ضعف جگر، نسیان، قے، مروڑ، اسہال، پیچش، کثرت پیاس وغیرہ کے لئے از حد مفید ہے دل کی گرم امراض کے

لئے اکسیر ہے گویا کہ قلبی امراض کے لئے طب یونانی کا معجزہ ہے۔

کچلہ: بمنزلہ قلب، ماہیت اور مبدل مزاج ہے دماغ اور اعصاب سراسر بارد ہوں تو حاد ہو جاتے ہیں اعلیٰ درجہ کا مقوی اعصاب و دماغ ہے نیز قوت باہ کے لئے اکسیر ہے زائد عمر کے اشخاص اس کو استعمال کرنے کے بعد جماع کے لئے بے چین ہو جاتے ہیں بلا مبالغہ اکسیر باہ ہے سلسل البول، عرق النساء فالج، لقوہ، اوجاع مفاصل کا نام و نشان تک نہیں رہتا دماغ اور قلب کو بے انتہا قوت پہنچتی ہے افیون کی عادت چھڑانے کے لئے مجرب ہے۔

کشتہ مرجان: مرجان ۱۰ تولہ، کو ہاون دستہ میں کوٹ کر خوب باریک کریں پھر دودھ گاؤ ایک پاؤ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر کھرل کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی تا ۸ رتی۔

فوائد: مقوی دل و دماغ جریان و احتلام کے لئے مفید ہے۔

حب جدوار عنبری: جدوار خطائی، زعفران کشمیری، عنبراشہب مساوی الوزن باریک پیس کر قدرے پانی ملا کر کھرل کریں اور بقدر مرچ سیاہ گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی تا ۲ گولی دن میں دو بار۔

فوائد: قلب، دماغ، معدہ، جگر کو قوت دیتی ہے قوت و نزلہ مزمن کے لئے تریاق ہے مقوی ارواح و اعضاء رئیسہ ہے۔ دائمی نزلہ و زکام، ضعف دماغ و اعصاب اور قوت باہ کے لئے عجیب چیز ہے۔

سفوف لولوئی: یہ سفوف دل، جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے خفقان و ضعف قلب کے لئے مفید ہے جو کہ معدہ کی مشارکت سے سوداوی و بلغمی خلط کے باعث ہو جن کے ساتھ صفرا بھی ملا ہوا ہو، مالیخولیائے مراقی کے مریضوں اور وسواس کے لئے مفید ہے غذاء کو ہضم کرتا ہے اور عمدہ اخلاط پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: مشک تبتی ڈیڑھ رتی، عنبر اشہب ا رتی، ورق طلاء ا رتی، ان ودھ موتی ساڑھے چار ماشہ، کہر بائے شمعی ساڑھے چار ماشہ، دھنیا خشک چھلا ہوا ساڑھے چار ماشہ، آملہ گٹھلی نکالا ہوا ساڑھے چار ماشہ، سماق گٹھلی نکالا ہوا ساڑھے چار ماشہ، انار دانہ ساڑھے چار ماشہ، بادر بجبویہ ساڑھے چار ماشہ، دار چینی ساڑھے چار ماشہ، مصطگی رومی ساڑھ چار ماشہ، دانہ الائچی خورد ساڑھے ماشہ، بنسلوچن ساڑھے چار ماشہ، ناگر موتھ ساڑھے چار ماشہ، خولنجاں ساڑھے چار ماشہ، زیرہ کرمانی ساڑھے چار ماشہ، (سرکہ میں مدبر کیا ہوا) پوست اترج ساڑھے چار ماشہ، تیزپات ساڑھے چار ماشہ، زرشک ساڑھے چار ماشہ، (گٹھلی نکال کر) سونف ساڑھے چار ماشہ، درونج ساڑھے چار ماشہ، مصری ساڑھے سات تولہ، ہر ایک دوائی کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر چھان لیں اور آپس میں ملا کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: روزانہ صبح کے وقت سوا دو ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان کھائیں مندرجہ بالا امراض کے

لئے اکسیر پر تاثیر ہے۔

سفوف جواہر: مروارید ۱ ماشہ، یاقوت ۱ ماشہ، زہرمہرہ ۱ ماشہ، شاخ مرجان ۱ ماشہ، بیخ مرجان ۱ ماشہ، طباشیر ۲ ماشہ، الائچی خورد ۲ ماشہ، زعفران کشمیری ۱ ماشہ، کستوری خالص ۴ رتی۔

ترکیب: تمام دواؤں کو عرق کیوڑہ ۳ تولہ سے خوب کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی ہمراہ مربہ سیب دن میں دو بار دیں۔

فوائد: دل کو قوت دیتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے کمزوروں کے لئے بے حد مفید ہے۔

اکسیر القلب: مروارید خالص ۴ رتی، جواہر مہرہ ۳ ماشہ، عنبراشہب ۴ رتی، کستوری ۴ رتی، زعفران ۳ ماشہ، ورق سونا ۴ رتی، ورق چاندی ۱ ماشہ، روح کیوڑہ ۵ تولہ، تمام دواؤں کو عرق کیوڑہ ۵ تولہ سے خوب کھرل کرکے خشک کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی تا ۴ رتی ہمراہ عرق گاؤزبان صبح کے وقت استعمال کریں۔

فوائد: دل و دماغ، جگر معدہ کو قوت دیتا ہے۔

شربت گاؤزبان: گاؤزبان ایک پاؤ، چینی سفید ایک سیر، گاؤزبان کو ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح جوش دے کر شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: دل کو طاقت دیتا اور خفقان کے لئے مفید ہے۔

امراض معدہ امعاء جگر، تلی، لبلبہ

حب مراق: کچلہ مدبر ۴ ماشہ، رب السوس ۱ تولہ، دونوں کو ملا کر حبوب نخودی تیار کریں۔

خوراک: بعد از طعام دو حب ہمراہ پانی صبح و شام استعمال کریں۔

ضعف ہضم مزمن کی وجہ سے کئی طبعی حالات اور علامات پیدا ہو جاتی ہیں اور مریض وہمی کہلاتا ہے اس حالت میں یہ گولیاں نہایت مفید اور مجرب ہیں۔

اکسیر تبخیر: شنگرف ۱ تولہ، جائفل ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، دار چینی ۱ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، اول شنگرف کو باریک پیس کر پھر تمام ادویات ملا کر کھرل کریں کم از کم ایک گھنٹہ کھرل کریں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ رتی تا ۱ ماشہ، ہمراہ شہد یا بدرقہ مناسبہ استعمال کرائیں۔

فوائد: تبخیر معدہ کی ہر حالت خواہ مزمن ہو یا حاد اکسیری اثرات رکھتی ہے فالج، لقوہ، رعشہ، نقرس، ضعف باہ، سرعت انزال، احتلام مزمن، ضعف بدن، نفخ شکم، بدہضمی، سلسل البول ایام ماہواری کی بے قاعدگی، سیلان الرحم مزمن وغیرہ کے لئے تریاق ہے۔

اکسیر سنگرہنی: سیماب ۱ تولہ، گندھک ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۱ تولہ، کشتہ خرمہرہ ۲ تولہ، کشتہ سنکھ ۲ تولہ آب

لیموں ۱۰ تولہ میں کھرل کریں اور خشک کرکے سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: ۱ تا ۲ رتی دن میں دو یا تین خوراک دیں۔
فوائد: پرانے دست مزمن، پیچش سنگرہنی اور اسہال کبدی کے لئے مجرب ہے۔
اکسیر جگر: نوشادر ۱ تولہ، قلمی شورہ ۱ تولہ، ریوند خطائی ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، کشتہ خبث الحدید ۱ تولہ، سوڈابائی کارب ۱ تولہ، تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۴ رتی تا ۸ رتی دن میں دو بار ہمراہ شربت دینار۔
فوائد: امراض جگر کا تریاق ہے چند روز میں جگر کی اصلاح ہو جاتی ہے خرابی جگر کی وجہ سے بخار کے لئے مجرب ہے۔
اکسیر وجع الفواد: درد معدہ سے تو ہر آدمی کو کبھی نہ کبھی واسطہ پڑتا ہی ہو گا لیکن فم معدہ کا درد ایک مانا ہوا درد ہے جس کو ہوتا ہے اسی کو معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتنا شدید درد ہے طب یونانی میں اس کا اکسیری نسخہ موجود ہے پہلی خوراک سے درد بند۔
ھوالشافی: شیر شتر سوا سیر، نمک شیشہ ۴ تولہ، زعفران ۲ ماشہ، دودھ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نمک شیشہ پیس کر اس میں ڈال دیں اور کفگیر سے ہلاتے رہیں جب مثل کھویا کے گاڑھا ہونے لگے تو زعفران اصلی دودھ میں کھرل کیا ہوا اس میں ڈال دیں تھوڑی دیر بعد اتار لیں خیال رکھیں کہ جل نہ جائے اور خشک ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار بوقت ضرورت۔
فوائد: پہلی خوراک سے ہی فم معدہ کا درد بند ہو جاتا ہے ویسے احتیاطاً تین خوراک پوری کریں اگر ضعف قلب بھی ساتھ شامل ہو تو خمیرہ مروارید یا جواہر مہرہ کی ایک خوراک کھلانی چاہیے۔
سفوف برش کافور: انتڑیوں کی میوکس ممبرین کی سوزش اور اعصاب کی ذکاوت حس کو دور کرنے میں افیون ایک اکسیر الاثر دوا ہے اور یہ سفوف افیون کی ایک بیش قیمت مرکب ہے۔
ھوالشافی: افیون خام ۱ تولہ، جدوار خطائی ۹ ماشہ، مشک کافور ۳ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، باریک مثل نشاستہ کرلیں پھر چینی سفید ۱۴ تولہ ملا کر کھرل کرکے یک جان کرلیں بس تیار ہے۔
مقدار خوراک: ۲ رتی تا ۱ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔
فوائد: دست، پیچش خون کا آنا پیٹ درد، درد سر، شقیقہ اعصابہ، درد گردہ، درد جگر، درد دل، حمل گرنا، خون آنا وغیرہ کے لئے سو فی صد مجرب علاج ہے بچوں اور کمزور دل والوں کو اس کا استعمال ممنوع ہے۔
(نوٹ): اگر پیٹ میں سدہ ہو تو پہلے کسٹر آئل ۴ تولے پلا کر سدہ رفع کرلینا ضروری ہے۔
اکسیر جگر: ریوند خطائی ۱ حصہ، نوشادر ۱ حصہ، قلمی شورہ ۲ حصہ، علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملائیں اور سفوف ہی رہنے دیں۔

مقدار اور ترکیب استعمال: ۴ رتی اکسیر پانی کے ساتھ کھلائیں۔
افعال و منافع: جگر کی خرابیوں کے لئے اکسیر ہے چند روز میں جگر کی اصلاح ہو کر تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں نیز خرابی جگر سے جو مزمن بخار ہوتے ہیں وہ بھی اس کے استعمال سے جاتے رہتے ہیں۔
حب استسقاء: اجزاء و ترکیب آرد گندم ۱۴ ماشہ کو شیر زقوم میں گوندھ کر دو دو ماشہ کے قرص بنالیں اور لوہے کی سیخ میں لگا کر کباب کی طرح آگ پر تل لیں جب کسی قدر سرخی آجائے اور پختہ ہو جائیں تو نکال کر رکھ لیں۔
ترکیب استعمال: ایک قرص کھلا کر اوپر سے شیر مادہ شتر آدھ پاؤ پلائیں۔
افعال و منافع: جگر کی خرابی کی اصلاح کرتے ہیں استسقاء کو بے حد فائدہ دیتا ہے۔ اس سے روزانہ دو تین اجابتیں ہو کر استسقاء کا پانی نکل جاتا ہے اور بالکل صحت ہو جاتی ہے۔
مطبوخ الاپچی: الاپچی کلاں مع پوست ۴ ماشہ ایک سیر پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ پانی رہ جائے تو سرد کر کے مریض کو پلائیں بوقت ضرورت دوسری خوراک بھی دے سکتے ہیں۔
فوائد: ہچکی رفع کرنے کے لئے ایک خوراک کافی ہے قے اور ابکائی کے لئے بھی مفید ہے۔
مالتی بسنت رس: سنگ بصری ا تولہ، ورق طلاء ۳ ماشہ، شنگرف رومی ڈیڑھ ماشہ، فلفل گرد ۴ ماشہ، قرنفل ۴ ماشہ، مروارید ۴ ماشہ، مسکہ گاؤ ا تولہ، تمام دواؤں کو باریک پیس کر کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ دہنیت ختم ہو جائے بس تیار ہے۔
مقدار خوراک: ا رتی تا ۲ رتی سنگرہنی کے لئے اکسیر ہے۔
دواء السفید: توتیا سبز ولایتی ا تولہ، باریک کر کے پانی میں حل کر لیں اور کسی ظرف چینی یا بلوری میں ڈال کر چند ٹکڑے جست ایک ایک تولہ کے اس میں ڈال دیں چند روز بعد جب محلول سفید ہو جائے تو زلال کو فتیلہ سے مقطر کر کے آگ پر خشک کر لیں جو نمک حاصل ہو اسے محفوظ کر لیں عجیب اکسیر ہے۔
خوراک: ایک چاول منقی میں رکھ کر کھلائیں۔
فوائد: سنگرہنی، تپدق امعائی اور انتڑیوں کے امراض کے لئے اکسیر ہے۔
حبوب پیچش طلسماتی: ہر قسم کے دست و پیچش کے لئے لاثانی فقیرانہ دواء ہے چھوہارا ا عدد، افیون خالص ۲ رتی چھوہارا کی درمیانی گٹھلی نکال کر اس کی جگہ افیون کو بھر دیں اور اسی طرح آپس میں ہر دو ٹکڑے ملا دیں آرد گندم قدرے گوندھ کر اوپر چاروں طرف لگا کر گولے کی مانند کر دیں پھر اس کو بھوبھل (گرم راکھ) میں لگا دیں کہ آٹا سرخی مائل ہو جائے نکال کر آٹے کو دور کر کے چھوہارہ مع افیون کر کوٹ کر یک جان کر لیں اور گولیاں بقدر نخود یا اس سے ذرا بڑی بنا لیں۔
مقدار خوراک: بوقت حاجت ایک گولی مناسب بدرقہ مثل عرق بادیان یا آب انار دانہ یا آب آہن تاب یا آب چاول سے دن میں تین چار بار کھلائیں دو حد تین روز میں آرام ہو گا اس حساب

سے جس قدر چاہیں چھوہارے تیار کر لیں علاوہ اس کے سنگرہنی کے دور کرنے میں بھی اکسیر ہے۔
دوائے زحیر خاص: زیرہ سفید ۲ تولہ، نمک سیندھا بقدر ذائقہ۔
مقدار و ترکیب استعمال: دن میں چار مرتبہ چار چار ماشہ کی مقدار میں ۳ تولہ عمدہ دہی میں (جس میں پانی بالکل نہ ہو) ملا کر کھائیں۔
افعال و منافع: زحیر صادق کے لئے یہ دواء بہت مفید ہے مجرب ہے اکثر دوسرے دن فائدہ ہو جاتا ہے۔
اکسیر بواسیر: سیسہ ۳ ماشہ کو پانی شیریں کے ہمراہ بے جرم پتھر پر (اگر سل سنگ مرمر ہو بہتر ہے) بہت آہستہ آہستہ رگڑیں اور کسی چینی کے برتن میں جمع کرتے جائیں جب ۳ ماشہ سیسہ حل ہو جائے اس کے بعد خشہ خرما ۳ عدد، تمرہندی ۳ عدد، بدستور مذکور حل کریں پھر ان سب کو باہم آب شیریں کے ساتھ مثل مرہم بنا دیں اور دن میں تین بار اور رات کو سوتے وقت مسوں پر لگاتے رہیں دس دن میں مسہ بالکل معدوم ہو جائے گا اور یہ محسوس ہو گا کہ مسوں پر برف لگا دی ہے مریض کو نہایت راحت اور سکون معلوم ہوتا ہے جہاں تک ممکن ہو تینوں اجزاء نہایت باریک حل کئے جائیں تاکہ مسامات مسہ میں اچھی طرح نفوذ ہو سکیں۔
دیگر: گندھک آملہ سار ۴ تولہ، ۱۰ تولہ قلمی شورہ ۱۰ تولہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر حل کریں پھر اس میں گندھک ڈال دیں اور نرم آنچ پر پانی خشک کریں سرد ہونے پر باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ۱ تا ۲ ماشہ دن میں دو خوراک ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: ہر قسم کی بواسیر خونی و بادی کے لئے اکسیر ہے نیز سوزاک، سوزش جگر، زحیر مزمن، نزلہ و زکام، کالی کھانسی حاد امعائی بخار کے لئے بھی مفید ہے۔
حب بواسیر: مردار سنگ اصلی ۵ تولہ، سمندر جھاگ ۵ تولہ، فلفل دراز ۵ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ، کشتہ صدف مروارید ی ۵ تولہ، کشتہ خرمہرہ ۵ تولہ، طوطیا ۵ تولہ۔
بنانے کا طریقہ: سب ادویہ کو باریک پیس کر چھان کر آب لیموں کاغذی میں سات یوم برابر سحق کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔
مقدار و ترکیب استعمال: دو گولی صبح اور دو گولی شام خون کی حالت میں ہمراہ شربت انجبار اور سفوف آملہ ایک ماشہ ملا کر اور بواسیر بادی میں پانی کے ہمراہ استعمال کریں اگر مسے ہوں تو عرق بادیان میں گھس کر رات کو مسوں پر لگائیں۔
حب احمر ملین: اس حب کے استعمال سے مادہ آتشک بالکل زائل ہو جاتا ہے اس میں خاص خصوصیت یہ ہے کہ ایک گولی کے کھانے سے دو پاخانے آجاتے ہیں اور دو کے کھانے سے چار علیٰ ہذالقیاس تین کھانے سے چھ پاخانے آجاتے ہیں۔

سوداوی اور بلغمی امراض کے لئے بے حد مفید ہے جب اس کو کھانا منظور ہو تو ایک دو روز نرم غذاء کھائیں یعنی روٹی، گوشت وغیرہ نہ کھائیں اور اس کے استعمال کے ساتھ پاؤ سیر نیم گرم دودھ پی لیں باوجود یکہ ماہ بکثرت خارج ہوتا ہے اس کے تین گھنٹہ کے بعد بطریق مدد نیم گرم پاؤ سیر دودھ پئیں مگر دودھ پینے سے ضعف نہیں ہوتا اور ایک عام آدمی کے لئے ہے۔ قوی اور جسیم آدمی کو پانچ حب تک دے سکتے ہیں بروز مسہل بعد فراغت سہ پہر یا رات کو غذاء نرم مثل کھچڑی وغیرہ کھائیں۔

نسخہ: شنجرف ۱ تولہ، تنکار خام ۲ تولہ، حب السلاطین ۲ تولہ، لیموں کاغذی کے عرق میں حل کرکے گولیاں بقدر فلفل بنائیں۔

خمیرہ روغن ارنڈی: روغن ارنڈی ایک چھٹانک، گوند کیکر ڈھائی تولہ، عرق سونف ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: پہلے گوند کیکر کو کھرل کریں جب گوند حل ہو جائے تو روغن ارنڈی تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام روغن ختم ہو جائے اور باقی ماندہ عرق سونف ملا کر خوب کھرل کریں حتیٰ کہ گاڑھا خمیرہ سا بن جائے روغن، عرق اور گوند یک جان ہو جائیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ عرق سونف یا پانی میں ملا کر دن میں تین بار دیں۔

فوائد: ہر قسم کی پیچش کے لئے اکسیر ہے۔

حقنہ برائے کرم امعاء: برگ سنا ۱ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ، جلپ ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، روغن تارپین ۱ تولہ، چرائتہ ۱ تولہ، برگ نیم ۱ تولہ، برگ شفتالو ۱ تولہ، نمک تلخ ۱ تولہ، سوائے روغن تارپین کے دوسری دواؤں کو پانی حسب ضرورت میں جوش دے کر ٹھنڈا کرکے روغن تارپین ملا کر حقنہ کریں۔

فوائد: انتڑیوں کے چنونوں کو خارج کرنے میں بے حد مفید و مجرب ہے ایک دو دفعہ حقنہ کرنے سے کرم امعاء ختم ہو جاتے ہیں۔

(نوٹ): حقہ کا پانی بذریعہ حقنہ پیٹ میں داخل کرنا بھی چنونوں کو رفع کرتا ہے۔

دوائے مرکب: گندھک مصفیٰ ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، ہر دو کو کھرل کریں اور ملا کر کھرل کریں سفوف بن جائے گا۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی دن میں دو خوراک ہمراہ مکھن یا بالائی۔

فوائد: بواسیر خونی، کثرت حیض و نفاس، نکسیر، ضعف جگر و طحال کے لئے مفید و مجرب ہے۔

دواء الملح: سم الفار سفید ۱ تولہ، نمک لاہوری ۸ تولہ ملا کر آٹھ دن تک روزانہ چار گھنٹے کھرل کریں اور باریک کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول حلوہ مرغن یا مکھن میں کھلائیں یہ دواء بواسیر، نواسیر، بھگندر، ریح البواسیر کے لئے بے حد مجرب ہے خون صالح پیدا کرکے بدن کو قوی کرتی ہے مقوی باہ بھی ہے۔

دوائے جگر: پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ، پوست بلیلہ ۵ تولہ، پوست آملہ ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، وج گلابی ۵ تولہ، تالمکھانہ ۵ تولہ، مجیٹھ ۵ تولہ، فلفل دراز ۵ تولہ، فلفل گرد ۵ تولہ، تارا میرا ۵ تولہ، کشتہ خبث

الحدید ۲۰ تولہ تمام ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ ملا کر خوب سحق کریں جب یک ذات ہو جائیں تو محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۳ تا ۵ ماشہ صبح آدھ پاؤ دہی میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد: جگر کی تمام امراض میں اکسیر ہے ضعف جگر سوء القینہ، استسقاء لحمی و طبعی میں مفید ہے۔

معجون سنگرہنی: سپاری تیلیا ۴ تولہ، ہریڑ ۱ تولہ، نسپال ۱ تولہ، مائیں ۱ تولہ، کوند کیکر ۱ تولہ، گل متھرا ن ۱ تولہ، کمرکس ۱ تولہ، موچرس ۱ تولہ، گل انار ۱ تولہ، اقاقیا ۱ تولہ، پھول دھارا ۱ تولہ، تخم املی ۱ تولہ، مجیٹھ ۱ تولہ، کتیرا ۱ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، صندل ۱ تولہ، افیون ۴ ماشہ پہلی چار دوائیں گھی میں چرب کر لیں پھر سب کو ملا کر پیس چھان کر سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ تولہ ہمراہ چھاچھ گائے استعمال کریں مرض سنگرہنی کا مجرب علاج ہے۔

سفوف پیچش: ناگر موتھ، اندر جو، بیلگری، لودھ پٹھانی ہم وزن گوند سنبل، گل دھاوا ہم وزن تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۳ ماشہ ہمراہ لسی دن میں تین خوراک دیں۔

فوائد: اسہال خونی، سادہ پیچش نئی و پرانی اور سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔

حب صبر: یہ دواء ضیق النفس، دمہ، ذات الریہ، بلغمی اور ڈبہ اطفال کے لئے مفید و مجرب ہے اگر اس کو مسلسل استعمال کیا جائے تو پھیپھڑوں کو بلغم سے صاف کرتی ہے۔

نسخہ: مصبر، سہاگہ بریاں مرکی، زعفران، قند سیاہ مساوی الوزن کوٹ چھان کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

خوراک: ۱ تا ۲ گولی دن میں تین مرتبہ

فوائد: ایک دو خوراک کے کھانے سے قے و اسہال ہو کر بلغم خارج ہو جاتی ہے اور سانس صحیح ہو جاتا ہے۔

مرض دمہ کے علاج میں صبح کے وقت کشتہ ابرک سفید ۱ رتی شربت زوفا ۵ تولہ کے ہمراہ دیں اور شام کو معجون برشعشا ۴ رتی ہمراہ شربت زوفا ۵ تولہ اور رات کو سوتے وقت حب صبر دو عدد کھلائیں۔

کشتہ مرگانگ: گندھک آملہ سار، نوشادر، رانگ، پارہ، چاروں ہم وزن لے کر پہلے رانگ اور پارہ کو عقد کریں اس کے بعد سب دوائیں ملا کر کھرل کریں پھر ایک آتشی شیشی گل حکمت شدہ میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں شیشی کے منہ میں لوہے کی سیخ ہلاتے رہیں تاکہ منہ بند نہ ہو جائے مگر دوا میں سیخ نہ لگنے دیں جب سیاہ دھوآں نکلنا موقوف ہو کر زرد دھوآں نکلنے لگے تو آگ سے اتار لیں اور سرد ہونے پر شیشی سے نکال کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ چاول ہمراہ بالائی یا دواء المسک ۵ ماشہ یا جوارش جالینوس ۷ ماشہ کے ساتھ

استعمال کریں۔

فوائد: امراض معدہ اور ضعف ہاضمہ جریان کے لئے مفید ہے۔

کشتہ طوطیا: طوطیا ۱ تولہ، پوست ریٹھہ ۱۰ تولہ، شیر مدار ۵ تولہ پوست ریٹھ کو باریک کر کے شیر مدار میں گوندھ لیں درمیان میں طوطیا رکھ کر گولہ بنا کر کپڑوٹی کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرخ رنگ کا کشتہ بر آمد ہو گا جو دہی پر زنگار نہیں دے گا۔

خوراک: اچاول حلوے میں لپیٹ کر کھلائیں۔

فوائد: بواسیر، جریان، خنازیر، سوزاک، آتشک، وغیرہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

شربت اطفال: (برائے امراض معدہ) برگ اڑوسہ ایک سیر، برگ گاؤزبان ا پاؤ، گل نیلوفر ا پاؤ، خوب کلاں ۱۰ تولہ، ملٹھی کوفتہ ۱۰ تولہ، سرطان نہری ۳ تولہ تمام دواؤں کو ۱۲ سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں صبح ۱۲ بوتل عرق کشید کریں۔ کشید شدہ عرق میں ۱۰ سیر چینی ملا کر شربت تیار کریں اور تیار شدہ شربت میں چونہ مصفا یا کیلشیم ہائپو فاسفیٹ ۴ ڈرام روح کافور ۲ اونس شامل کر لیں رنگت سرخ کرنے کے لئے سرخ رنگ شیریں ملائیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ تا ۴ ماشہ اور عمر کے لحاظ سے ایک تولہ تک بھی دے سکتے ہیں پانی یا دودھ میں ملا کر دیں۔

فوائد: بچوں کی اکثر بیماریاں اسہال، زحیر، بد ہضمی، کھانسی، بخار اور نزلہ و زکام، قے، دودھ الٹنا، دق اطفال، سوکڑا اطفال، کے لئے مفید و مجرب ہے سوکڑا اطفال کا سو فی صدی یقینی علاج ہے۔

نجور دمہ: برگ دھتورہ ۱ تولہ، قلمی شورہ ۱ تولہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ، اجوائن خراسانی ۱ تولہ، ہلدی گانٹھا تولہ، افیون ۳ ماشہ تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر رکھیں اور اپلے کی آگ پر ایک چٹکی سفوف ڈال کر بخارات سونگھیں۔

فوائد: ضیق النفس کے لئے اس وقت تک مفید ہے جبکہ مریض دمہ دورہ کے وقت نہایت بے قرار ہو اور کسی طرح چین نہ آتا ہو اس نجور کے استعمال سے فوراً تسکین ہو جاتی ہے اور سانس بحال ہو جاتا ہے۔

سفوف افسنتین: افسنتین ۱۵ ماشہ، گل سرخ ۹ ماشہ، گل گاؤزبان ۹ ماشہ، عود ۴ ماشہ، مصطگی رومی ۴ ماشہ، طباشیر ۳ ماشہ، الائچی خورد ۳ ماشہ، تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملا لیں سفوف تیار ہو جائے گا۔

مقدار خوراک: اماشہ تا ۲ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: امراض معدہ و جگر کے لئے مفید ہے دماغ کا تنقیہ کرتی ہے دماغی امراض مثل مالیخولیا، مراق اور کابوس کے لئے بے حد مفید ہے۔

امراض گردہ، مثانہ، قوت باہ، جریان، احتلام وغیرہ

معجون اذاراقی: کچلہ مدبر ۱۰ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ، کندر ۱ تولہ، سلیحہ ۱ تولہ، فرفیون ۱ تولہ، دار چینی ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، عاقرقرحا ۱ تولہ، وج ترکی ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، زراوند طویل ۱ تولہ، جدوار ۱ تولہ، زراوید مدحرج ۱ تولہ، بسباسہ ۱ تولہ، جوزبوا ۱ تولہ، فلفل ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، خولنجاں ۱ تولہ، بہ کنج ۱ تولہ زعفران ۱ تولہ، جنطیانارومی ۱ تولہ، عود صلیب ۱ تولہ، مقل ارزق ۱ تولہ، بوزیدان ۱ تولہ، شیطرج ۱ تولہ، جند بید ستر ۲ تولہ، مشک خالص ۵ تولہ، عنبر اشہب ۷ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ کر اور چھان کر سہ چند شہد کف گرفتہ میں معجون بنائیں اور ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف باہ جو بوجہ برودت کے ہو کو دور کرتی ہے علاوہ ازیں فالج، رعشہ، لقوہ اور وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

کشتہ تانبہ: تانبہ کا برادہ ۱ تولہ، نیم کے پتوں کا پانی ۱ پاؤ کھرل کر کے نیم کا پانی خشک کریں اور ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے پانچ اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک: نصف چاول ہمراہ مکھن دیں۔

فوائد: اکسیر نامردی اور مقوی اعصاب ہے۔

حب کچلہ: کچلہ مدبر (سفوف) ۵ تولہ، منقیٰ ۵ تولہ، مغز بادام ۵ تولہ تمام ادویہ کو ہاون میں ڈال کر لوہے کے دستہ سے خوب کوٹیں جب گولیاں تیار کرنے کے قابل ہو جائیں تو نخودی گولیاں تیار کریں یہ گولیاں مقوی باہ، اعصاب اور ممسک ہیں کمزوری اعصاب کے لئے مجرب چیز ہے یہ دواء افیون خوری کی عادت کو بھی زائل کرتی ہے اور ہر قسم کے نزلہ و زکام کے لئے فوری اثر ہیں یا دائمی ہو اور امراض سرد بارده، طبہ، تقویت مثانہ کے لئے بے حد مفید ہے اگر اس نسخہ میں زعفران ۱ تولہ، ست سلاجیت ۱ تولہ، افیون ۴ ماشہ کا اضافہ کر لیا جائے تو پھر اس کے فوائد کئی گنا بڑھ جاتے ہیں۔

قرص شنگرف: شنگرف رومی ۱ تولہ، بیضہ مرغ ۷ عدد، شنگرف کو انڈوں کی زردی میں خوب کھرل کریں اور پیسے کے برابر قرص تیار کریں گھی ایک پاؤ میں بریاں کریں اور پیس لیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ بالائی یا مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد: قوت باہ اور تقویت مثانہ کے لئے مجرب ہے اور کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔

اکسیر باہ: ابرک سیاہ دھناب ۱ تولہ، سم الفار سفید ۱ تولہ، لعاب گھیکوار میں ایک یوم سحق کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح پندرہ بار اور ہر مرتبہ سم الفار ایک تولہ کا اضافہ کرتے جائیں سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر دودھ کے ہمراہ دیں غذاء مرغن بحالت نزاع اگر استعمال کرایا جائے تو مریض کے حواس درست ہو جاتے ہیں۔

فوائد: قوت باہ میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔
اکسیر جریان: یہ نسخہ ہر قسم کے جریان کو صرف تین دن میں روک دیتا ہے اور سات روز میں بفضلہ ازالہ مرض کر دیتا ہے۔
ھوالشافی: قلعی مصفیٰ ۱ تولہ، سیسہ مصفیٰ ۱ تولہ، پارہ ۱ تولہ، سرد چینی ۳ تولہ، طباشیر ۳ تولہ، دانہ الائچی خورد ۳ تولہ، تج ۳ تولہ۔
ترکیب: پہلے قلعی اور سیسہ کو پگھلا کر ملا لیں اور پھر فی الفور پارہ میں ڈال دیں تاکہ ایک گٹکہ بن جائے اب اس گٹکہ کو لے کر کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسیں تقریباً دو دن کی پسائی سے سیاہ رنگ کا سفوف تیار ہو جائے گا پھر دوسری ادویات باریک شدہ ڈال کر دو تین روز تک خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ۱۰ ماشہ بوقت صبح دودھ کی لسی کھانڈ ملی ہوئی سے دیا کریں۔
فوائد: جریان کے لئے مفید ہے چند روز کے استعمال سے جریان کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔
اکسیر سنگ گردہ و مثانہ: قلمی شورہ ۵ تولہ، نوشادر ۵ تولہ، سوہاگہ ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، سنگ یہود ۱ تولہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر آدھ سیر آب ترب میں کھرل کر کے ایک ٹکیہ سی بنا لیں اور سمندر جھاگ ۵ تولہ کا سفوف کر کے اوپر نیچے دے کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر باریک پیس لیں بس تیار ہے۔
مقدار خوراک: ۴ ماشہ ہمراہ لسی ایک گھنٹہ کے بعد اوپر سے ایک چھٹانک گرم گھی پی لیں۔
فوائد: چند یوم کے استعمال سے پتھری گردہ و مثانہ کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کر دیتی ہے۔
حب مقوی باہ شدید: زعفران اصلی ۳ ماشہ، ورق طلاء ۳ ماشہ، ورق نقرہ ۴ ماشہ، جدوار خطائی ۴ ماشہ، سم الفار مدبر (در شیر برگد) ۱ ماشہ، افیون خالص ۳ ماشہ تمام دواؤں کو بکری کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی پہلے مرغن غذاء کھا کر دودھ سے کھالیں پہلے یا دوسرے روز اثر ظاہر ہو گا بے حد مقوی باہ ہے۔
ممسک مجرب: جائفل ۲ ماشہ، مصطگی رومی ۲ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، تخم حرمل ۲ ماشہ، جلوتری ۲ ماشہ، تخم بھنگ ۲ ماشہ، کیسر ۲ ماشہ، کستوری ۲ ماشہ، عقرقرحا ۲ ماشہ، ورق سونا ۱ رتی، ورق چاندی ۱ رتی دودھ برگد میں تر کریں اور دو دو ماشہ کی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم بہترین ممسک اور دافع سرعت انزال ہے۔
طلاء مجرب: روغن جوزبوا ۱ تولہ، روغن جمالگوٹہ ۱ تولہ، روغن دار چینی ۱ تولہ، روغن لونگ ۱ تولہ، روغن بیضہ مرغ ۱ تولہ، روغن سانڈہ ۱ تولہ، چربی شیر ۱ تولہ، روغن زیتون ۲۰ تولہ تمام دواؤں کو ملا لیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب معمول عضو تناسل پر مالش کریں بے ضرر طلاء ہے حشفہ اور خصیتین پر نہ لگائیں۔

فوائد: عضو کی تمام خرابیوں کو دور کرنے میں اکسیر ہے مقوی اعصاب اور استرخائے قضیب کے لئے مفید ہے اکثر ایک دو دفعہ کے لگانے سے آلت پر شبوز یعنی پھنسیاں نکلتی ہیں ان پر گھی لگائیں۔

سفوف گندھک: پارہ ا تولہ، گندھک مصفا ا تولہ، مصری کوزہ ۷ تولہ گندھک اور پارہ کی کجلی بنا کر کوزہ مصری تھوڑی ملا کر کھرل کرتے جائیں ایک دن کھرل کرنے کے بعد شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۸ رتی ہمراہ مکھن، تقویت باہ، امساک، ہاضم طعام، مقوی اعصاب اور رنگت سرخ کرنے کے لئے مجرب ترین ہے۔

اکسیر البدن: کچلہ کڑواہٹ دور کردہ (در روغن بریاں کردہ) ۳ تولہ، فلفل گرد ا تولہ، فلفل دراز ا تولہ، زنجبیل ا تولہ، دار چینی ا تولہ، سہاگہ ا تولہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنا دیں اور اس سے چھ حصہ شہد یا قوام مصری شامل کریں تیار ہے۔

ترکیب استعمال و فوائد: خوراک ۴ ماشہ سے ٦ ماشہ تک دودھ کے ہمراہ دوران استعمال دودھ گھی بکثرت کھاتے رہیں گو دیکھنے میں معمولی اجزاء ہیں لیکن فوائد میں اکسیر اعظم ہیں ہر قسم کی کمزوریوں کو دور کرکے طاقت پیدا کرتا ہے قوت ہاضمہ پر اپنا خاص اثر کرکے گھی دودھ کو جز و بدن بنا کر رنگت کو بارعب بنا دیتا ہے اس کو متواتر ایک ماہ کھا کر وزن کریں تو بدن میں بیش بہا اضافہ پائیں گے قوت باہ کے لئے مفید ہے مردوں کے علاوہ عورتوں کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

اشوگند آدی چورن: اجزاء ترکیب اسگند ناگوری، بیج بدھارا دونوں ادویہ کے سفوف ہم وزن لے کر ملا لیں۔

(نوٹ): فی زمانہ اس چورن کے ہم وزن مصری کوزہ بھی شامل کر لی جاتی ہے جس سے یہ چورن خوش ذائقہ بن جاتا ہے اور مریض بخوشی و آسانی استعمال کر لیتا ہے اس کے علاوہ قدرے قبض کشا بھی ہو جاتا ہے۔

استعمال: روزانہ صبح و شام تین سے چھ ماشہ تک حسب طاقت تازہ دودھ کے ہمراہ دیں۔

افعال و منافع: اس چورن کے استعمال سے آدمی کی شہوت مٹنے نہیں پاتی اگر جماع کو چھوڑ کر یعنی برہم چاری رہ کر اس چورن کو استعمال کیا جائے تو جریان اور بالوں کی سفیدی دور ہو جاتی ہے۔

منی کے متعلقہ تمام شکایات مثلاً ویرج کا کم ہونا، پتلا ہونا، مادہ تولید یعنی اولاد پیدا کرنے والے اجزاء سے منی کا خالی ہونا، احتلام، جریان، کمی باہ، وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔ اس کے استعمال سے نہایت مصفی بکثرت اور گاڑھا ویرج پیدا ہو کر بے حد طاقت حاصل ہوتی ہے دیگر پرسوت کے بعد کمزوری کی وجہ سے مستورات کے دودھ کی کمی ہو جاتی ہے ایسی حالت میں اس کے استعمال سے دودھ بافراط پیدا ہو جاتا ہے علاوہ ازیں جسمانی دردوں گنٹھیا، درد کمر وغیرہ کے لئے بھی اکسیر ہے اس مطلب کے واسطے

اسگند ناگوری، بیج بدھارا، سورنجاں شیریں، سونٹھ ہم وزن اور سب کے برابر کھانڈ ملا دیں اور ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گرم یا پانی سے دیں اور رات کو سوتے وقت ایک تولہ روغن ارنڈ حسب طریقہ پلا دیں۔

اکسیر نامردی: خالص سونا ۳ ماشہ، کا سوہن سے برادہ باریک کر لیں گلاب کے اصلی پھول اور درجہ اول یا برگ نیم کو گھوٹ کر ایک پاؤ بھر پانی نکال لیا جائے اب برادہ کو کسی عمدہ پتھر کے کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا گلاب کا پانی ڈالتے جائیں اور خوب رگڑتے رہیں جب تمام پانی جذب ہو جائے اور برادہ باریک مثل سرمہ کے ہو جائے تو اس کی ایک ٹکیہ بنالیں خواہ باریک مثل سرمہ ہی رہنے دیں اب اس کو ایک مٹی کی پیالی میں ڈال کر اس کے اوپر ایک دوسری پیالی اس طرح الٹا کر رکھیں کہ لب ہر دو پیالیوں کے بند رہیں اب ان دو پیالیوں کو مٹی سے معمولی طور پر لیپ کر کے خشک کریں اور پھر زمین میں اتنا گڑھا کھودیں کہ جس میں ۱۲ سیر اوپلے آجائیں اس گڑھے میں ۶ سیر اوپلے بچھا دیں ان پر پیالی رکھ دیں اور باقی ۶ سیر اوپلے پیالی کے اوپر رکھ دیں اب اوپر سے آگ لگادیں جب آگ سرد ہو جائے پیالی کو نکال کر کشتہ جو بے چمک پھولا ہوا ہو گا بحفاظت کپڑے سے چھان کر شیشی میں رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: جوان اور ضعیف آدمی ۲ تولہ مسکہ میں رکھ کر دانہ خشخاش کے برابر نہار کھلا دو۔ ہر روز ایک دانہ خشخاش کے برابر وزن بڑھاتے جائیں حد ایک دانہ چاول کے وزن تک دودھ اور گھی جس قدر ہو سکے خوب کھاؤ سب ہضم ہو جائے گا جو لوگ مسکہ کو پسند نہ کریں وہ بالائی کے ہمراہ کھالیا کریں لیکن یاد رہے کہ موسم سردی کا ہو اور سال بھر میں تین رتی سے زیادہ بالکل نہ کھایا جائے جس آدمی کو یہ اکسیر کھلائی جائے اس کو فولاد یا عرق فولاد کھانے کی ضرورت نہیں ہے صرف یہی اکسیر کافی ہے۔

فوائد: نامردی کے لئے اکسیر بہ تاثیر ہے چند یوم کے استعمال سے جریان، کی باہ دور ہو جاتی ہے غذاء ہضم کرتی اور خون صالح پیدا کرتی ہے۔

اکسیر اعظم: سم الفار بلوری ایک تولہ کی ڈلی کو نیم کے تنہ میں سوراخ کر کے اس میں ڈلی رکھ کر اسی کی لکڑی سے بند کر دیں دو ماہ تک رہنے دیں پھر نکال کر متواتر ایک یوم خوب کھرل کریں بعد ازاں اس میں عصارہ چوب چینی ۴ تولہ، ست گلو اصلی ۴ تولہ، ملا کر خوب کھرل کریں۔

مقدار خوراک: سوا رتی تا ڈھائی رتی مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: تپدق و سل کے لئے لاجواب ہے قرحہ ریہ میں طبی دنیا میں اس کی نظیر نہ مل سکے گی اس کی قدر تجربہ کے بعد ہو گی چالیس مریضوں میں سے صرف ۲ آدمی صحت یاب نہ ہو سکے۔ نامردی کے لئے بے نظیر شے ہے قوت باہ میں اضافہ کرتی ہے۔

طوفان باہ: سم الفار سفید ا تولہ، کافور دیسی ا تولہ ہر دو کو سحق کر کے بطریقہ معروف جوہر اڑا لیں ان جوہروں میں سے ۶ ماشہ لے کر اس میں کستوری خالص ۴ ماشہ، زعفران کشمیری ۴ ماشہ، قرنفل کلاہ دار

۳ ماشہ، دار چینی ۳ ماشہ ملا کر سحق بلیغ کریں آخر میں زہر مار سیاہ ایک عدد (جو سانپ کے منہ میں تھیلی کے اندر ہوتا ہے) لے کر شامل کرکے ایک روز سحق کریں اور اس دواء کو سونے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں اکسیر تیار ہے۔

خوراک: ایک چاول بھر ہمراہ بالائی دیں غذاء خوب مرغن دیں نامرد کو مرد بناتی ہے۔

طلاء نامردی: سنکھیا سفید ۲ تولہ، کو سات روز تک روزانہ ہمراہ شیر مدار کھرل کریں بعد ازاں گھی گائے ۱۰ تولہ میں تین روز متواتر کھرل کریں پھر ایک پوٹلی میں باندھ کر تیز دھوپ میں ایک لکڑی کا سہارا دے کر رکھیں اور اس کے نیچے ایک چینی کا برتن رکھ دیں تاکہ گھی ٹپک کر اس برتن میں جمع ہو جائے اس میں بحساب فی تولہ زعفران مشک خالص ملا کر ایک روز خوب کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: سیون و سپاری چھوڑ کر باقی حصہ پر اوپر نیچے مالش کریں اوپر برگ پان باندھ دیں بعد استعمال دو روز سرخ رنگ کے ثبور سے نکلیں گے پھر طلاء بند کر دیں گائے کا گھی لگائیں جب ثبور سے آرام آجائے دوبارہ طلاء لگائیں پھر جب ثبور نکلیں بند کر کے گھی لگائیں اس طلاء کے استعمال کے بعد دوسرے طلاء کی ضرورت نہیں ہے۔

برائے قوت باہ: (نوٹ) باہ کے لئے صرف تین خوراک کافی ہیں (اجزاء ترکیب ساخت) سم الفار عمدہ ۱ تولہ، افیون خالص ۱ تولہ، پارہ مصفیٰ ۱ تولہ، زعفران ۱ تولہ، روح گلاب سہ آتشہ ایک بوتل (خانہ ساز) مذکورہ بالا اشیاء کھرل میں ڈال کر پہلے خشک چیزیں آٹھ دن کھرل کریں پھر روح ملا کر کھرل کرتے رہیں تمام روح کھرل کر کے خشک کریں بس دوائی تیار ہے شیشی میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: صرف ایک خشخاش بھر مکھن میں ملا کر استعمال کریں غذاء خوب مرغن کھلائیں دودھ میں گھی شامل کر کے کھائیں کم از کم گھی آدھ سیر اور دودھ دو سیر ہو ورزش روزانہ کریں۔

برائے ذیابیطس: بیضہ مرغ مسلم آٹھ عدد کو اس قدر آب لیموں میں بھگوئیں کہ آب لیموں میں تمام بیضہ ڈوب جائیں برتن محفوظ الہوا ہو برتن کو ہر روز ایک دو مرتبہ ہلا دیا کریں دسویں روز منہ کھول کر اسے خوب ملیں اور چھان لیں اب اس روغن میں روغن زیتون ۱۰ تولہ، شہد خالص ۱۰ تولہ کا اضافہ کر کے یک جان کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ سے سوا دو تولہ تک دن میں تین مرتبہ کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں ذیابیطس کو چند یوم میں جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے اکسیر بر تاثیر ہے۔

طلاء بے نظیر: روغن لونگ، روغن بادام، روغن پستہ، روغن جمالگوٹہ ہم وزن روغن دار چینی ہم وزن تمام روغن ایک شیشی میں یک جان کرکے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت رات کو سوتے وقت صرف ایک قطرہ حشفہ و سیون چھوڑ کر صرف اوپر کے حصہ پر مالش کریں اوپر برگ پان باندھ دیں جب چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آئیں تو استعمال بند کر دیں تو گائے کا گھی جلا کر یا گھی میں پیاز جلا کر ایک دو دفعہ لگائیں جب پھنسیاں غائب ہو

جائیں تو پھر طلاء کا استعمال کریں دو تین بار اسی طرح کرنے سے رگ و پٹھے خوب مضبوط ہو جائیں گے اور ہر قسم کی کمزوری دور ہو کر قابل فخر مرد بن جاتا ہے نہایت مفید طلاء ہے۔

سفوف مقوی باہ: بیر بہوٹی ۳ تولہ، خراطین مصفا ۵ تولہ، ریگ ماہی ۲ تولہ، ثعلب مصری ا تولہ، جائفل ۴ ماشہ، جلوتری ۴ ماشہ، لونگ ۴ ماشہ، عقرقرحا ۴ ماشہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۴ رتی سے ڈیڑھ ماشہ تک مکھن یا بالائی سے دیں۔

فوائد: نامرد سے نامرد انسان کو چند خوراکوں میں قابل فخر مرد بنا دیتا ہے مقوی باہ اور ممسک، مغلظ اور نہایت مقوی بدن ہے۔

قابل معالج اس سے طلاء کا کام بھی لے سکتے ہیں۔

اکسیر باہ: شنگرف رومی ا تولہ، ورق طلاء ۴ ماشہ ہر دو اجزاء کو ایک ماہ شیر مدار سے کھرل کر کے پتلے پتلے قرص بنا کر ڈنڈا تھوہر میں دبا کر کپڑوٹی کر کے خشک کریں اور آہنی کڑاہی کے اندر دیگ میں دبا دیں کڑاہی کے نیچے دس سیر کوئلے جلائیں سرد ہونے پر اقراص نکال کر عرق پیاز دس سیر کے ساتھ کھرل کر کے سونے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک چاول روزانہ کھلائیں ہمراہ مکھن بالائی یا مرغن حلوہ غذاء خوب مرغن دیں۔

فوائد: مایوسین کے لئے اکسیر کا کام دے گا صرف چار دن کا استعمال کافی ہے۔

اکسیر گردہ: قلمی شورہ پاؤ سیر، بھلانواں (بلادر) ۳۱ عدد، پہلے شورہ قلمی کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں تھوڑی دیر میں پگھل کر پانی ہو جائے گا اب اس میں بلادر ڈال دیں بلاور کے ڈالنے سے اس میں آگ لگ جائے گی آگ بجھنے پر اس سیال مرکب کو لوہے کے ایک توے پر ڈال دیں یہ مرکب سفید ٹکڑے کی مانند اس پر جم جائے گا اس کو کوٹ کر باریک کر کے شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال: درد گردہ کے مریض کو پہلے ایک رتی افیون قدرے پانی میں حل کر کے پلائی جائے بعدہ ایک ماشہ اکسیر گردہ اور ایک ماشہ سوڈا خوردنی پانی میں گھول کر اوپر سے پلائیں اور مریض کو ایک ٹب مین نیم گرم پانی ڈال کر بٹھائیں۔

افعال و منافع: درد گردہ کو فوراً تسکین ہو جاتی ہے حبس اور ریگ گردہ کے لئے بھی اکسیر ہے۔

امراض مخصوصہ نسواں

اکسیر ہسٹریا: مندرجہ ذیل نسخہ ہسٹریا کی لاجواب اور بے مثل دواء ہے اور تجربہ شدہ بہترین تحفہ ہے خواہ کسی وجہ سے یہ مرض پیدا ہوا ہو اکثر پہلی خوراک سے رک جاتا ہے صدہا مرتبہ کے تجربہ سے نسخہ پیش خدمت کر رہا ہوں۔

مرض ہسٹریا کے علاوہ جملہ امراض بادی اور اعصابی، صرع، ام الصبیان، بے ہوشی اور پاگل پن

وغیرہ عوارضات اس سے دور ہو جاتے ہیں اور کلی طور پر ان سے نجات ہو جاتی ہے۔
(نسخہ): پارہ مصفیٰ ۹ ماشہ، ناگ کیسر ۴ ماشہ، لونگ ۴ ماشہ، گندھک آملہ سار مصفا ۹ ماشہ، پوست بھیڑہ ۴ ماشہ، جائفل ۴ ماشہ، کستوری ۹ ماشہ، درچ ۴ ماشہ، عود صلیب ۴ ماشہ، ہینگ بریاں ۹ ماشہ، مرکی ۴ ماشہ، نرکچور ۴ ماشہ، درونج عقربی ۴ ماشہ، انیسوں ۹ ماشہ، افیتمون ۴ ماشہ، بسفائج ۴ ماشہ، دار چینی ۴ ماشہ، قلمی شورہ ۴ ماشہ، عقرقرحا ۴ ماشہ، سونٹھ ۴ ماشہ، اندر جو شیریں ۴ ماشہ، برادہ صندل سفید ۴ ماشہ، پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں پھر باقی باریک شدہ ادویہ ملا کر آب ترپھلہ کی مدد سے ۲ رتی کی مقدار گولیاں تیار کر لیں۔
خوراک: ایک گولی صبح ایک شام آب ترپھلہ ۸ تولہ کے ہمراہ دیں ترش بادی اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کرائیں پہلے ہی روز کے استعمال سے افاقہ شروع ہو جائے گا۔
حب اختناق الرحم: اجزاء و ترکیب مشک خالص ۱ ماشہ، سرخ ہینگ ۱ ماشہ، کافور ۱ ماشہ، اسارون ۱ ماشہ، سنبل الطیب ۱ ماشہ تمام ادویات علیحدہ علیحدہ پیس چھان کر ملا لیں اور پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔
مقدار و ترکیب استعمال: ایک گولی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
افعال و منافع: اختناق الرحم کے واسطے از حد مفید ہے آج تک ایسی کوئی دوائی تجربہ میں نہیں آئی۔
مستورانی: عورتوں میں خون حیض کی بے قاعدگی کے لئے یہ نسخہ عجیب الاثر ہے۔
ھوالشافی: ست صبر سقوطری ۴ تولہ، مرکی ۴ تولہ، زعفران ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، ہینگ ۱ تولہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے بقدر دانہ نخود گولیاں تیار کریں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام قبل از ایام حیض دو ہفتہ شروع کریں۔
فوائد: یہ دواء عورتوں کے لئے خاص ہے کمی حیض، کمی خون بے قاعدگی حیض، حیض درد سے آنا، ضعف جگر، نفخ معدہ، درد سر، درد کمر، اختناق الرحم وغیرہ کے لئے نہایت قوی الاثر ہے۔
سفوف احتباس الطمث: ابہل ۱ تولہ، تخم حنظل ۱ تولہ، رائی ۲ تولہ، سنبل الطیب ۴ تولہ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک: ۱ تا ۳ ماشہ دن میں چار خوراک دیں۔
فوائد: بندش حیض، رقت حیض، دائمی قبض، ریح، شکم، اختناق الرحم، عقر وغیرہ کے لئے بے حد مفید و مجرب دوائی ہے چند یوم کے مسلسل استعمال سے رحم بالکل صاف ہو جاتا ہے۔
دوائے احمر: گیرو ۲ تولہ، سنگ جراحت ۲ تولہ، انار کا چھلکا ۳ ماشہ تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان لیں اور پھر باہم ملا کر سفوف تیار کریں دوائی تیار ہے۔
مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۳ ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ شربت خشخاش یا شربت انار شیریں

تولہ اور قدرے پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد: کثرت حیض کے لئے مفید ہے خون استحاضہ کو بند کرتی ہے دیکھنے میں اجزاء بالکل معمولی ہیں لیکن فوائد میں اکسیر پُر تاثیر ہے۔

اگر خون استحاضہ نالہ کی طرح جاری ہو تو انشاء اللہ تین یوم میں بالکل کلی صحت ہو گی۔

پرہیز: ترش اور تیل والی اشیاء زیادہ گرم اور زیادہ مرچ والی غذاؤں سے پرہیز کرائیں۔

شربت کرامات: یہ شربت اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون ہونے کے علاوہ عورتوں کا دودھ صاف کرتا ہے۔

ھو الشافی: عشبہ مغربی ۳ تولہ، چرائتہ ۵ تولہ، پاپڑا ۵ تولہ، منڈی بوٹی ۵ تولہ، صندل ۲ تولہ، نیلوفر ۴ تولہ، عناب ۴ تولہ، بنفشہ ۲ تولہ، چھال نیم ۱۰ تولہ، دھماسہ ۱۰ تولہ تمام اشیاء کو چار سیر گرم پانی میں بھگو کر جوش دیں پھر چھان کر ایک سیر کھانڈ میں قوام شربت کا بنالیں۔

خوراک: ۲ تولہ پانی میں ملا کر مصفیٰ خون ہے عورتوں کا دودھ صاف کرتا اور اٹھرا کو مفید ہے۔

خون بند: خون بند کرنے کے لئے (خواہ وہ کہیں سے آتا ہو) بالخاصہ موثر ہے جس عورت کو حیض کثرت سے آتا ہو اور نالہ کی طرح جاری ہو تو شربت کو کنار کے ساتھ تین بار کھانے سے پہلے ہی روز بند ہو جاتا ہے اگر منہ سے خون آتا ہو تو روزانہ دو تین دفعہ استعمال کریں خون فوراً بند ہو گا۔

اگر کھانسی ہو تو ایک ایک رتی سفوف رب السوس و کتیرا ملالیں جس کو خونی دست آتے ہوں دہی کے ساتھ روزانہ تین دفعہ دیں غرض خون کہیں سے آئے بواسیر ہو یا نواسیر مناسب بدرقہ کے ساتھ دینے سے فوراً رک جائے گا۔

نسخہ: گیرو سرخ ہم وزن سنگ جراحت ہم وزن پیس کر سفوف بنالیں۔

خوراک: ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ۔

امراض مفاصل:

حب زنجبیل: سونٹھ ۱ تولہ، ہینگ ۱ تولہ، برگ سہانجنہ تازہ ۲ تولہ تینوں کو خوب کوٹیں اور گولیاں بقدر فندق تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ نیم گرم آدھ سیر (جس میں ایک چھٹانک روغن زرد ملایا گیا ہو کھلائیں۔

فوائد: اوجاع مفاصل، درد کمر اور امراض باردہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

مسکن اوجاع: گئودنتی ۵ تولہ کو جوشاندہ پپلا مول ۵ تولہ، پوست خشخاش ۵ تولہ، آب برگ بھنگرہ ۵ تولہ میں یکے بعد دیگرے تر اور خشک اور کھرل کر کے نوشادر ۴ ماشہ، زنجبیل ۴ ماشہ، کافور سحق شدہ ۳ ماشہ کھرل کر کے ملائیں۔

قدر خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ آب چائے یا دودھ جوش دادہ۔

محل استعمال: ایسپرین و اینٹی فائبرین کی بجائے بدرجہا بہتر ہے مسکن اوجاع ہر قسم ہے۔
اکسیر اوجاع: سم الفار سفید ۵ ماشہ، کچلہ مدبر ۵ ماشہ، نمک لاہوری ۱ تولہ، شیر مدار ۱۰ تولہ، تینوں دواؤں کو کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اوپر شیر مدار ڈال کر تر کریں برتن کا منہ گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں پھر ادویہ کو نکال کر فلفل سیاہ ۲ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، سورنجاں شیریں ۲ تولہ، اسگند ۲ تولہ، تخم کرفس ۲ تولہ، اجوائن خراسانی ۲ تولہ باریک پیس کر ملائیں دو دن تک آب لیموں میں کھرل کرکے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔
مقدار خوراک: ایک تا دو گولی صبح و شام بعد از غذاء۔
فوائد: تمام امراض بلغمی، ریاحی، بادی اور ہر قسم کے دردوں کے لئے اکسیر ہے خصوصاً عرق النساء کے لئے اکسیر ہے فالج، لقوہ، رعشہ، اعصابی کمزوری اور حذر کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔
حب وجع المفاصل: سم الفار ۲ تولہ، میٹھا تیلیہ ۲ تولہ، سہاگہ ۲ تولہ، شنگرف ۲ تولہ، گھماں ۴ تولہ، مرچ سیاہ، ۴ تولہ، سونٹھ ۴ تولہ ادرک کے پانی میں کھرل کرکے حب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب دیں۔
فوائد: وجع المفاصل، لقوہ، فالج، کے لئے مفید ہے۔
حب بیش: میٹھا تیلیہ ۱ تولہ، شنجرف رومی ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۱ تولہ، افیون ۴ ماشہ ادرک کے عرق میں کھرل کرکے گولیاں بقدر فلفل بنالیں۔
مقدار خوراک: صبح کو ایک گولی ہمراہ آب گرم دیں۔
فوائد: وجع المفاصل کے لئے بے حد مفید ہے۔
حب اوجاع: سم الفار سفید، میٹھا تیلیہ سفید، شنگرف رومی، جائفل، جلوتری مساوی الوزن عاقرقرحا مساوی الوزن ادرک کے پانی میں خوب کھرل کرکے گولی بقدر مونگ بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ آدھ سیر دودھ جس میں ایک چھٹانک گھی ملا ہو کھلائیں۔
فوائد: تمام قسم کے اوجاع مفاصل میں بے حد مفید و مجرب ہے عرق النساء کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ معمول مطب ہے۔
اکسیر الاوجاع: ہر قسم کے بلغمی درد خصوصاً عرق النساء وجع المفاصل وغیرہ کے لئے بے حد لاثانی اور سینہ کا نسخہ ہے۔
ھوالشافی: افیون ۴ ماشہ، شنگرف ۴ ماشہ، میٹھا تیلیہ مدبر ۱ تولہ، کچلہ ۸ عدد، گوگل ۳ تولہ، چاکسو ۱ تولہ، گھماں ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۱ تولہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ، رسوت ۱ تولہ سوائے افیون، گوگل، رسوت کے باقی ادویہ کوٹ چھان کر آپس میں ملا دیں اور افیون، گوگل، رسوت کو پانی میں گھول کر چھان کر ملا دیں بعدہ آب آکسن بوٹی میں زور سے ایک دن متواتر کھرل کرکے حبوب نخودی بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ روغن زرد خوراک میں روٹی گندم یا نخود خوب مرغن دیں اشیاء ترش سے پرہیز کریں۔
فوائد: ہر قسم کے درد بلغمی و مفاصل خصوصاً درد کمر، عرق النساء وجع المفاصل کے لئے اکسیر لاثانی ہے۔

مجرب نسخہ جات برائے بخار

اکسیر دق و سل: یہ نسخہ دق و سل کے لئے اکسیری اثرات کا حامل ہے۔
ھوالشافی: کشتہ سنکھ ۵ تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۱۰ تولہ، کشتہ ابرک ڈھائی تولہ، کشتہ خرمہرہ ڈھائی تولہ، کشتہ صدف صادق ۲ تولہ، کشتہ بسد ا تولہ، ورق نقرہ ۴ ماشہ، ورق طلاء ا ماشہ تمام دواؤں کو باریک کھرل کریں حتیٰ کہ ورق نقرہ اور ورق طلاء کی چمک باقی نہ رہے۔
مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی ہمراہ شیر گاؤ یا بکری یا گدھی دن میں دو دفعہ دیں۔
فوائد: سل و دق کے مریضوں کے لئے اکسیر ہے بخار کھانسی کم ہونے لگتی ہے خون بند ہو جاتا ہے وزن بڑھنے لگتا ہے مدقوق اور مسلول مریضوں کے لئے قابل قدر چیز ہے۔
اکسیر بخار: الائچی خورد ا تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۲ تولہ، کشتہ سنکھ ۲ تولہ، ست گلو ۲ تولہ، طباشیر ۲ تولہ، تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک: ا ماشہ دن میں چار خوراک دیں۔
فوائد: لازمی تپ، صفراوی تپ اور مزمن حمیات کے لئے اکسیر ہے۔
سفوف کرامات: رب السوس ۲ تولہ، کتیرا ۲ تولہ، نشاستہ ۲ تولہ، گل ارمنی ۲ تولہ، طباشیر ا تولہ، پپلا لاکھ ا تولہ، رال سفید ا تولہ، خرفہ ا تولہ، گل انار ا تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ا تولہ، کشتہ ابرک سفید ا تولہ، کشتہ سیپ ا تولہ، کشتہ سنکھ ا تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ا تولہ، بارہ سنگا ا تولہ، گوند کیکر ۵ تولہ، سرطان بریاں ۵ تولہ، کھانڈ ۵ تولہ، مغز بادام ۴ تولہ، بکرے کا پھیپھڑا ا عدد سب ادویات باریک کرکے ملا لیں۔
ترکیب استعمال: صبح کو ایک تولہ ہمراہ دودھ گدھی شام کو ایک تولہ ہمراہ دودھ بکری چالیس روز استعمال کریں۔
فوائد: مزمن بخاروں کے لئے مفید ہے نفث الدم پھیپھڑوں سے خون آنا کے لئے خاص دواء ہے پھیپھڑوں سے خون کو روکنا اس کی خاص صفت ہے پہلی خوراک ہی اپنا خاص اثر دکھاتی ہے۔ دق اور سل کے لئے نہایت مفید ہے۔
سفوف بخار توڑ: سنگ یہود ا تولہ، نوشادر ۵ تولہ، آب مولی ۳۰ تولہ، پہلی دونوں دوائیں کوٹ کر آب مولی میں کھرل کرکے پانچ سیر کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا کشتہ مذکور ۴ تولہ، ست گلو ۲ تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ا تولہ، کشتہ سنکھ ا تولہ ملا کر خوب باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ۸ رتی دن میں تین خوراک دیں۔
فوائد: مزمن ملیریا تپ محرقہ اور صفراوی تپ کے لئے بھروسہ کی دوائی ہے کہنہ ملیریا کو اکھاڑ دیتا ہے آزمائیں اور دُکھیا مریضوں کی دعائیں لیں بے نظیر اکسیر پر تاثیر ہے اور تجربہ شدہ ہے۔
مطبوخ بخار: منقیٰ ۵ دانہ، عناب ۵ دانہ، خاکشی ۴ ماشہ، گلو ۴ ماشہ، ملٹھی ۴ ماشہ، برگ گاؤ زبان ۴ ماشہ تمام دواؤں کو ایک سیرپانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے دس دس تولہ مریض کو پلائیں قبض کی صورت میں انجیر زرد ۲ دانہ نسخہ بالا میں اضافہ کر لیں۔
فوائد: تپ تورکی اور لازمی بخار کے لئے بے حد مفید ہے اس کے استعمال سے تورکی باہر نکل آتی ہے۔
کشتہ ہڑتال: ہڑتال سفید ۳ تولہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور دو مٹی کی پیالیوں میں بند کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں کشتہ نہایت مفید بر آمد ہو گا مزاج سرد خشک۔
افعال و منافع: دافع بخار نوبتی ہے پھیکا ہونے کی وجہ سے بچے آسانی سے کھا لیتے ہیں لیکن اس کا دافع بخار اثر بہت خفیف ہے یہ دواء دوسری روکنے والی ادویات کے ساتھ ملا کر استعمال کی جاتی ہے۔
مقدار خوراک: ۱ ماشہ (نوٹ) ہڑتال سفید درحقیقت ایک پتھر کی قسم ہے اور ہڑتال زرد وغیرہ کی نوع میں شامل نہیں ہے۔
دوائے معرق: حلزون ایک پاؤ کو ایک سیر سرکہ میں ایک ہفتہ تر رکھیں اس کے بعد تیز آنچ میں مکس کر لیں سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔
مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ آب تازہ یہ قوی معرق اور پسینہ آور ہے دافع حمیات و سمیات ہے اور ہر قسم کے بخار کے لئے مجرب ہے۔
میعادی بخار: ہر قسم کے میعادی بخار خواہ کسی خلط سے پیدا ہوں ان سب کے لئے ایک ہی اکسیر نسخہ پیش خدمت ہے۔ آزمائش شدہ اور نہایت قابل قدر چیز ہے۔ آپ بھی جب اسے آزمائیں گے۔ تو اس نادر روزگار نسخہ کی دل و جان سے قدر کریں گے۔
نسخہ: دار چینی ۳ ماشہ، الائچی خورد ۴ ماشہ، پپلی ۱ تولہ، طباشیر ۲ تولہ، کھانڈ ۴ تولہ، تمام ادویات کو باریک کر لیں دوائی اکسیری تیار ہے۔
خوراک: ایک رتی سے ایک ماشہ تک شہد یا دودھ میں حل کر کے پلائیں۔
فوائد: تپ محرقہ، مبارکی، نمونیہ، چیچک، خسرہ وغیرہ سب بخاروں میں آنکھیں بند کر کے دے دیجئے شفاء ہاتھ باندھے حاضر ہو گی۔
دوائے بخار: کشتہ گئودنتی ہڑتال ۴ ماشہ، سہاگہ کھیل کردہ ۴ ماشہ، ملٹھی(باریک کردہ) ۴ ماشہ، مصری کالپی ۱ تولہ سب ادویات کو باریک کر کے سفوف کر لیں۔
فوائد: سوائے میعادی بخار سب بخاروں کے لئے اکسیر ہے ملیریا بخار میں کونین مانی ہوئی دوائی ہے مگر

یہ کونین نہیں کونین کی نانی ہے کونین کی طرح کڑوی یا تلخ نہیں خوش ذائقہ اور میٹھی ہے گرم اور خشک نہیں فوائد میں کونین سے بڑھ کر ہے۔

اور پھر یہ کہ بخار میں دینے سے بغیر کسی خطرہ کے بخار کو اتار دیتی ہے اور اترے ہوئے بخار میں دینے سے دوبارہ نہیں چڑھنے دیتی جو لوگ کونین مفید خیال کرتے ہیں اس دواء کو تجربہ کرکے دیکھیں۔

اکسیر دق و سل: کشتہ سنکھ ڈھائی تولہ، کشتہ ہڑتال ۱۰ تولہ، کشتہ ابرک ڈھائی تولہ، کشتہ خرمہرہ ۵ تولہ، کشتہ صدف صادق ۵ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ نقرہ ۶ تولہ، کشتہ بسد ۱ ماشہ، سرطان سوختہ ڈھائی تولہ، کشتہ سنگ جراح ۵ تولہ، پھیپھڑہ سوختہ ۵ تولہ، کشتہ سکہ ڈھائی تولہ تازہ گلو کے پانی میں گوندھ کر ۲ گرین کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: یہ نسخہ دق و سل کے ابتدائی درجہ میں اکسیری اثرات کا حامل ہے۔

اکسیر بخار و درد: اسپرین ۱ تولہ، فنسٹین ۱ تولہ، کیفین ۳ ماشہ، کشتہ بارہ سنگا ۱ تولہ، کشتہ سنکھ ۱ تولہ، زنجبیل ۶ ماشہ، جوہر لوبان ۶ ماشہ، سورنجان ۶ ماشہ، بیش مدبر ۱ ماشہ، کھانڈ ۱ ماشہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: بخار جو کہ بوجہ درد ہو کو روکتا ہے۔

اکسیر بخار: کونین سلفاس ۱ تولہ، کشتہ سنکھ ۱ تولہ، کشتہ صدف ۶ ماشہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۲ تولہ، اسپرین ۱ تولہ تمام دواؤں کو یک جا باہم ملائیں اور پانی کی مدد سے ۵ گرین کی ٹکیہ تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی ہمراہ آب تازہ بخار کو روکتی ہے۔

اکسیر دق و سل: کشتہ سنکھ ڈھائی تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ، کشتہ ابرک ۱ تولہ، کشتہ خرمہرہ ۱ تولہ، کشتہ صدف صادق ڈیڑھ تولہ، کشتہ مرجان ۹ ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ، ورق طلاء ۸ رتی تمام ادویات کو ملا کر یہاں تک کھرل کریں کہ ورق طلاء کی چمک باقی نہ رہے۔

خوراک: ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ دودھ بکری سل و دق کے ابتدائی درجات میں مفید ہے۔

مطبوخ بخار لازمی: منقیٰ ۵ دانہ، عناب ۵ دانہ، خاکسی ۳ ماشہ، گلو ۴ ماشہ، ملٹھی ۴ ماشہ، برگ گاؤزبان ۴ ماشہ۔

خوراک: دن میں چار مرتبہ دیں مزمن اور لازمی بخار کے لئے مفید ہے۔

اکسیر بخار و قبض: سقمونیا ۲ تولہ، منقیٰ ۱ تولہ، مغز بادام ۱ تولہ، عصارہ ریوند ۲ تولہ، مصبر ۲ تولہ، گوند ۱ تولہ تمام ادویات رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کو آگ پر جوش دیں جب نصف پانی جل جائے تو اتار کر چھان لیں صاف شدہ پانی کو پھر آگ پر اس قدر خشک کریں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے اور

نخودی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ نیم گرم دودھ یا آب تازہ دن میں دو بار دیں قبض کشائی کے لئے ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم دیں۔
فوائد: اس بخار کے لئے مفید ہے جو قبض کی وجہ سے لاحق ہو نیز صبح اجابت کھل کر ہوتی ہے علاوہ ازیں قبض سے پیدا شدہ درد سر کے لئے بھی مفید ہے۔

امراض خون و جلد

روغن جدید: اجزاء و ترکیب آب آہک (چونہ کا پانی) ۵ تولہ، روغن کنجد ۵ تولہ، کاربالک ایسڈ ۱۰ قطرہ ایک شیشی میں تینوں اجزاء کو باہم ملالیں۔
مقدار و ترکیب استعمال: بوقت ضرورت باریک کپڑا اس میں تر کرکے زخموں اور جائے ماؤف پر طلاء کریں۔
افعال و منافع: جلے ہوئے زخموں اور چیچک کے آبلوں پر لگانے کے لئے نہایت نافع اور مجرب دواء ہے سوزش کو دور کرتا اور زخموں کو اچھا کرتا ہے۔
فوائد: آب آہک اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ ۲ تولہ بجھا ہوا چونا لے کر ڈیڑھ سیر پانی میں شیشے کے ڈھکنے والی بوتل میں ڈال کر خوب ہلا کر ۱۲ گھنٹہ تک رکھیں بعدہ پانی نتھار لیں یہی آب آہک ہے۔
یہ پانی بچوں کی بد ہضمی قے صفراوی شکایات اور پیٹ میں دودھ کے جم جانے اور پھٹ جانے کے لئے مفید ہے۔
کشتہ سرب: سکہ ۱۰ تولہ کو کڑاہی میں پگھلا کر قلمی شورہ کی چٹکی دیں اور پیپل کی لکڑی سے حل کرتے جائیں حتیٰ کہ سکہ جل کر خاکستر ہو جائے پھر گودا کنوار گندل میں دس منٹ کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں اور مٹی کی پیالی میں رکھ کر آگ پر خشک کریں اسی طریقہ سے یہ عمل سات بار دہرائیں بس تیار ہے۔
مقدار خوراک: ۱ رتی ہمراہ مکھن صبح و شام دیں۔
فوائد: جسم کے ہر حصے جریان خون، نکسیر، بواسیر، کثرت حیض و نفاس کے لئے تریاق اعظم ہے۔
سفوف طلسمی: گیری ۶ ماشہ، مصطگی ۶ ماشہ، گوند کتیرا ۶ ماشہ، نشاستہ ۶ ماشہ، گل انار ۶ ماشہ، اقاقیا ۶ ماشہ، کپور ۶ ماشہ، گل سرخ ۶ ماشہ، طباشیر ۶ ماشہ، انجبار ۶ ماشہ، تخم خیارین ۶ ماشہ، تخم کثوث ۶ ماشہ خرفہ ۶ ماشہ، شارنج ۶ ماشہ، کشتہ ہڑتال گؤدنتی ۱ تولہ، کشتہ صدف ۱ تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ۱ تولہ، کشتہ ابرک سفید ۱ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ کر سفوف تیار کریں اور ایک تولہ ہمراہ انجبار استعمال کریں۔
فوائد: جسم کے کسی حصہ سے خون آنے کو بند کرنے میں مفید مجرب ہے۔
سفوف مصفیٰ: گندھک آملہ سار ۴ تولہ، بابچی ۴ تولہ، کالی زیری ۴ تولہ، تخم پنواڑ ۴ تولہ باریک

سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک و ترکیب: ایک تولہ دواء کو ایک پاؤ پانی میں رات کو بھگو دیں صبح پانی کو نتھار کر مریض کو پلائیں باقی دوائی میں سرسوں ۱ تولہ، نیلہ تھوتھا ۴ ماشہ ملا کر خوب گھوٹ کر جسم پر مالش کریں۔
فوائد: اعلیٰ درجہ کی مصفیٰ خون دوائی ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے ہر قسم کی خون کی خرابی خارش، داد وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔
اکسیر خارش: گندھک آملہ سار ۴ ماشہ، گل منیرہ ۴ ماشہ، زیری سفید ۴ ماشہ تینوں دواؤں کو خوب باریک کوٹ کر چھان کر تین پڑیاں بنالیں۔
مقدار و ترکیب استعمال: دو پوڑیاں تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے دہی کے ساتھ کھالیں اور دن بھر تھوڑی تھوڑی کرکے دہی پیتے رہیں مگر دہی ترش نہ ہو تیسری سرسوں کے تیل ۵ تولہ میں ملا کر سارے بدن پر مالش کریں شام کو دہی اور خشکہ کھائیں۔
افعال و منافع: ایک ہی دن میں ہر قسم کی خارش جاتی رہتی ہے اکسیر ہے۔
حب قوبا: گندھک آملہ سار، پارہ، مردار سنگ صمغ عربی مساوی الوزن۔
مقدار و ترکیب استعمال: ایک گولی قدرے پانی میں گھس کر صبح و شام داد پر پتلا سا لیپ کریں۔
افعال و منافع: داد کے واسطے نہایت مجرب دواء ہے اس کے استعمال سے پہلے ہی دن خارش موقوف ہو جاتی ہے اور چھ یوم کے استعمال سے داد بالکل جاتا رہتا ہے۔
خارشی: باپچی ۱ تولہ، اجوائن خراسانی ۱ تولہ، تخم حماض ۱ تولہ، صندل سرخ ۱ تولہ، طوطیا سبز ۶ ماشہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ باریک سفوف بنائیں دواء ایک ایک یا دو دو اونس کی شیشیوں میں روغن سرشف ڈھائی تولہ سفوف ادویہ (مندرجہ نسخہ بالا) ۴ ماشہ دونوں کو اچھی طرح حل کرکے رکھ لیں۔
ترکیب استعمال: خارش زدہ اعضاء پر مالش کریں اور کم از کم دو گھنٹہ بعد نہائیں بہتر ہے کہ رات کو ملیں اور صبح کو نہائیں خارش کو دفع کرتی ہے۔
اکسیر چنبل و داد: پارہ ۱ تولہ، سم الفار ۱ تولہ، سلفیورک ایسڈ خالص ۵ تولہ ہر سہ اجزاء کو تام چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب تیزاب خشک ہو جائے تو اتار کر محفوظ کر لیں۔
بنانے کی ترکیب: سفوف ہذا ۱ ماشہ، ویزلین ۵ ماشہ دونوں کو ملا کر مرہم تیار کریں اور مقام ماؤف پر مالش کریں چند روز میں مرض کا نام و نشان نہ رہے گا۔
خارش توڑ: گندھک آملہ سار ۷ ماشہ، پارہ ۷ ماشہ، نیلا تھوتھا ۷ ماشہ، سوہاگہ ۱ تولہ کالی مرچ ۱ تولہ، مشک کافور ۴ ٹکیہ، باپچی ۱ تولہ، سندھور ۱ تولہ پارہ اور گندھک کھرل میں ڈال کر رگڑیں جب سیاہ کجلی تیار ہو جائے باقی چیزیں باریک کرکے شامل کر دیں تیار ہے۔
ترکیب استعمال: ایک تولہ سفوف لے کر ایک چھٹانک دیسی گھی گرم کرکے ملالیں اور بدن پر مل کر

ایک گھنٹہ بعد پوٹاشیم پرمنگنیٹ پانی میں ڈال کر نہائیں صرف تین دن کا استعمال کافی ہے۔
ضماد خارش: گندھک آملہ سار ۱ تولہ، طوطیا سبز ۱ تولہ، مردار سنگ ۱ تولہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر تین حصے کریں ایک حصہ دواء کو ۵ تولہ زرد روغن میں ملا کر تین چار گھنٹہ بعد چنے کا آٹا جسم پر مل کر غسل کریں اسی طرح تین دن کریں تین دن کے متواتر استعمال سے خارش بالکل رفع ہو جائے گی۔
اکسیر مصفیٰ خون: نیلہ تھوتھا ۵ تولہ، ہیرا کیسس ۱۰ تولہ، گیرو سرخ ۱۰ تولہ نیلہ تھوتھا کو باریک سفوف تیار کریں اور پانی کی مدد سے ایک گولی خشک ہونے کے بعد اوپر ریشمی کپڑا لپیٹ دیں۔
ہیرا کیسس اور گیرو کو باریک کوٹ کر پانی کی مدد سے لئی کی طرح کر لیں ایک کڑاہی میں پہلے لئی کو رکھ کر اوپر نیلہ تھوتھا کی ڈلی اوپر باقی لئی رکھ کر آگ میں رکھ دیں جب دونوں طرف سے جل کر سرخ ہو جائے تو نکال لیں سرد ہونے پر گولہ توڑ کر نیلہ تھوتھا کی ڈلی باریک کر لیں یہی قابل استعمال ہے۔ ایک چاول
خوراک: ایک ماشہ ہمراہ عرق سونف اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون و اورام خبیثہ ہے۔
حب مصفیٰ خون: الائچی خورد ۱ تولہ، کتھ سفید ۱ تولہ، چھالیہ کہنہ ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، سپاری ۱ تولہ، مردار سنگ ۱ تولہ، رسکپور ۱ تولہ، نیلہ تھوتھا ۱ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ایک پاؤ دہی لے کر قدرے ملا کر کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام دہی کھرل ہو کر گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے بہتر ہے کہ کانسی کے برتن میں کانسی کے دستے سے رگڑیں ورنہ عام کھرل میں بھی کھرل کیا جا سکتا ہے۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام۔
فوائد: اعلیٰ درجہ کی مصفیٰ خون، داد، پھوڑے، پھنسیاں اور ہر قسم کی خون کی خرابی کو ایک ہفتہ کے استعمال سے رفع کرتی ہے بے نظیر شے ہے۔
اکسیر خارش: یہ نسخہ خارش کا اکسیری علاج ہے اس نسخہ کی موجودگی میں کسی دوسرے نسخہ کی ضرورت نہیں رہتی۔
ھوالشافی: مرچ سیاہ ۱ تولہ، سوہاگہ ۱ تولہ سندھور ۱ تولہ، پارہ ۱ تولہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، باپچی ۱ تولہ، نیلہ تھوتھا ۱ تولہ۔
بنانے کی ترکیب: پہلے پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کریں یک جان ہونے پر تمام دواؤں کو ملا کر کھرل کریں اب اس سفوف میں ویزے لین ۵ تولہ یا مکھن ملائیں اور بدن پر مالش کریں کم از کم تین دن مالش ضروری ہے۔
فوائد: خارش خشک و تر کے لئے مفید ہے تین دفعہ کے استعمال سے خارش کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے تجربہ شدہ ہے۔
کشتہ طوطیا: ہیرا کیس ۱۰ تولہ، گیرو ۱۰ تولہ، دونوں کو رات بھر بھگو رکھیں صبح دونوں کا غلولہ تیار کریں اور درمیان میں ایک تولہ طوطیا رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں کشتہ سفید براق تیار ہو گا باریک

کھرل کرکے شیشی میں سنبھال لیں۔
مقدار خوراک: ایک چاول تا دو چاول۔
فوائد: خرابی خون کے لئے اکسیر ہے خارش، داد، چنبل، آتشک، کوڑھ وغیرہ کے لئے مفید ہے۔
مرہم سیاہ: سیندھور ۱۰ تولہ، نیلہ تھوتھا ۴ ماشہ، تیل $\frac{1}{2}$ سیر بطریق معروف مرہم تیار کریں اور کپڑے پر چسپاں کرکے پھوڑے، پھنسی پر لگائیں زخموں کو بھرتی ہے۔
اکسیر مصفیٰ خون: نیلہ تھوتھا ۱۰ تولہ، کمیلہ ۱۰ تولہ، رسکپور ۱۰ تولہ، مردار سنگ ۱۰ تولہ، سپاری ۱۰ تولہ، چھالیہ کہنہ ۱۰ تولہ، کتھہ سفید ۱۰ تولہ، الائچی خورد ۱۰ تولہ، دہی اڑھائی سیر تمام ادویات کوٹ چھان کر دہی ملا کر حب بقدر دانہ نخود تیار کریں مصفیٰ خون ہیں۔

امراض اطفال

حب سوکڑا اطفال: پوست آملہ ۵ تولہ، دہی ۱۰ تولہ کھرل کرکے بقدر کنار دشتی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی تا دو گولی صبح و شام ماں کے دودھ میں گھس کر دیں سوکھا اطفال کے لئے مفید ہے بارہا کی تجربہ شدہ ہے۔
اکسیر دق الاطفال: یہ اکسیر بہت مفید ہے تیزابیوں (جو سونا، چاندی صاف کیا کرتے ہیں) سے سونا مصفا (جو اینٹ کے برادے کی طرح ہوتا ہے) بقدر ضرورت لے کر کسی نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر گھیکوار کے پانی سے تین روز متواتر کھرل کریں پھر اس کی ٹکیاں بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے چار پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح پندرہ دن آگ پوری کریں جو پندرہ دن میں ختم ہو سکتی ہیں یہ اعلیٰ قسم کا کشتہ تیار ہو جائے گا۔
خوراک: بوقت ضرورت ایک رتی لے کر اور اس میں ایک یا دو ماشہ دودھ کی کھانڈ ملا کر اس مرکب کو ساٹھ حصوں میں تقسیم کر لیں یعنی ایک رتی کشتہ مذکور کو ۶۰ پڑیہ میں بانٹ لیں بچوں کی طاقت و عمر کے لحاظ سے اسے روزانہ استعمال کریں ایک سال کی عمر تک کے بچوں کو ایک پڑیہ روزانہ کافی ہے جو پانی کے ہمراہ دی جائے اس سے زیادہ عمر کے لئے دو خوراک دونوں وقت روزانہ طاقت کے لحاظ سے زیادہ مقدار بھی یعنی تین یا چار پڑیہ روزانہ تک دے سکتے ہیں اور اگر اس سے بھی فائدہ نہ ہو تو مرض لا علاج سمجھ لینا چاہیے یہ نسخہ نہایت اکسیر و مجرب ہے اور متعلقہ اشخاص کو اس کے استعمال کی پرزور سفارش کی جاتی ہے نیز بندگان خدا کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے حکیم اور طبیب اس نسخہ کو ضرور استعمال کریں بلکہ بہتر یہ ہے کہ اسے بنا کر رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت بچوں کی دعائیں لیں۔
مطبوخ ڈبہ اطفال: ابریشم خام مقرض ۳ ماشہ، گل دھاوا ۳ ماشہ × تخم نیلوفر ۳ ماشہ، گل زوفا خشک ۲ ماشہ سب کو پانی میں ملا کر جوش دے کر صاف کر لیں اور ہمراہ شربت زوفا ۲ تولہ دن میں تین چار مرتبہ

پلائیں۔
فوائد: ڈبہ اطفال اور ذات الجنب و ذات الریہ کے لئے مفید ہے۔
حب ڈبہ اطفال: پوست ریٹھ ۵ تولہ، طوطیا مدبر ۴ ماشہ، مصبر ا تولہ، مغز جمالگوٹہ ا تولہ تمام دواؤں کو اچھی طرح سے کوٹ کر باہم ملا کر کھرل کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنالیں۔
مقدار خوراک: ا تا ۲ گولی پانی یا شیر مادر میں حل کر کے دیں اس کے استعمال سے ایک دو دست یا قے ہو کر بلغم خارج ہو کر چھاتی صاف ہو جاتی ہے اور سانس درست ہو جاتا ہے اگر ضرورت ہو تو ایک خوراک دوبارہ دے سکتے ہیں مرض ڈبہ اطفال کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔
دیگر: سہانجنہ نیم بریاں ا تولہ، لونگ ۴ ماشہ، ایلوا ۳ ماشہ تمام ادویات کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے نخود کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
خوراک: ایک گولی بوقت ضرورت ماں کے دودھ میں گھس کر دیں اور اس کی والدہ کو تاکید کریں کہ بچہ کے ساتھ گرم کپڑا اوڑھ کر آدھ گھنٹہ تک لیٹی رہے تاکہ خوب اچھی طرح گرمی آجائے۔ بس انشاء اللہ آرام ہو گا ورنہ پھر ایک دو گولیاں دے دیں۔
حب مفید الصبیان: تمام امراض بچگاں کی حکمی و اکسیر دوا ہے اس کے مقابلہ میں زود اثر دوا آپ کو مشکل سے ملے گی بے نظیر ہے بچوں کے امراض دماغیہ، ام الصبیان وغیرہ میں مفید ہے نیز کھانسی، بخار، پیچش، قبض، قے، بدہضمی، دانت نکالنے کی تکالیف وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔
نسخہ: ہینگ بریاں ڈیڑھ تولہ، کتھ سفید ۹ ماشہ، فلفل سفید ۴ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، برگ نیم ۵ ماشہ سب کو باریک مثل میدہ کر لیں۔
ترکیب استعمال: ۱/۸ رتی سے ۱/۴ رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ مذکورہ بالا فوائد کی حامل ہے۔
شربت اطفال: برگ اڑوسہ ا سیر، برگ گاؤزبان ا پاؤ، گل نیلوفر ا پاؤ، خوب کلاں ۱۰ تولہ، ملٹھی کوفتہ ۱۰ تولہ، سرطان نہری ۳ تولہ تمام دواؤں کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح ۱۲ بوتل عرق کشید کریں اس عرق میں ۱۰ سیر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔
خوراک: ایک چمچہ شربت عرق گاؤزبان میں ملا کر دیں بچہ کی عمر کے لحاظ سے کمی بیشی کر سکتے ہیں۔
فوائد: بچوں کی امراض بخار، کھانسی، ام الصبیان، قے، بدہضمی، پیچش، ہرے پیلے دستوں کے لئے اکسیری شربت ہے اس کے متواتر استعمال سے بچہ موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔
شربت کھانسی بچگان: برگ اڑوسہ ایک سیر، زوفا ۱/۲ ا سیر، بنفشہ ا پاؤ، پوست خشخاش آدھ پاؤ، ملٹھی کوفتہ آدھ پاؤ، پانی ۱۲ سیر تمام ادویات کو ۱۲ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح ۱۲ بوتل عرق کشید کریں اس عرق میں ۱۰ سیر چینی ملا کر شربت کا قوام بنالیں۔
خوراک: ایک چمچہ خورد عرق گاؤزبان میں ملا کر دیں بچوں کی خشک و تر کھانسی کے لئے مفید و مجرب ہے۔

حب دمہ بچگان: ہینگ بریاں ۶ ماشہ، افیون ۶ ماشہ، سہاگہ ۱ تولہ، مصبر زرد ۱ تولہ، برگ تولہ تمام ادویات باریک پیس کر دانہ مٹر کے برابر گولیاں بنالیں ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد: بچوں کی امراض کھانسی، تنگی تنفس کے لئے بے نظیر شے ہے۔

متفرق نسخہ جات

دوائے قلاع: منہ میں چھالے ہو جانا ایک عام مرض ہے اور طب یونانی میں اس کا اکسیری علاج موجود ہے اس نسخہ کے چند مرتبہ کے استعمال سے مرض قلاع رفع ہو جاتا ہے۔

(نسخہ): کتھ سفید ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ، پھٹکڑی سفید بریاں ۴ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، نیلہ تھوتھا ۴ رتی جملہ دواؤں کو باریک کرکے چھان لیں اور منہ میں دھوڑیں پانچ منٹ بعد کلی کرائیں دن میں تین مرتبہ منہ میں دھوڑیں مرض قلاع کے لئے اکسیری علاج ہے منہ کے ہر قسم کے چھالوں کا مجرب علاج ہے۔

تریاق افعی: سنکھ کلاں ۱۰ تولہ شیر عشر (آک) میں تر کریں پھر آدھ سیر بھتوا کا مغدہ دے کر گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں سفید برآمد ہوگا پیس کر باریک کرلیں دوبارہ شیر مدار میں کھرل کرکے گولا بنا کر نیولا کا پیٹ چاک کرکے اس میں گولا مذکور گل حکمت کریں اور ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار دیں شدت زہر میں ۱ ماشہ تا ۴ ماشہ گھنٹہ گھنٹہ بعد دے سکتے ہیں۔

فوائد: سانپ، بچھو اور دیگر ہر قسم کے زہروں کے لئے تریاق ہے نیز وبائی امراض اور ہر قسم کے تپوں اور سرسام کے لئے عجیب النفع ہے۔

حب افیون توڑ: کچلہ مدبر ۲ تولہ، تخم دھتورہ سیاہ ۲ تولہ، تخم اسپند ۲ تولہ، اجوائن خراسانی ۱ تولہ، جوزبوا ۴ تولہ، جلوتری ۲ تولہ، الائچی خورد ڈیڑھ تولہ پہلے تینوں اجزاء کو روغن میں مدبر کرلیں بعد میں اجزاء کو خوب کوٹ کر شہد کے قوام میں ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی ہمراہ دودھ ان گولیوں کے استعمال سے افیون کی عادت ختم ہو جاتی ہے بہترین شے ہے۔

اکسیر عرق النساء: کچلہ ۶ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، دار چینی ۲ تولہ، جلوتری ۲ تولہ، سورنجاں شیریں ۲ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، دانہ الائچی کلاں ڈھائی تولہ سب دواؤں کو باریک پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

فوائد: عرق النساء اور دیگر مفاصلی دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

اکسیر جواہر: کشتہ سنکھیا ۱ ماشہ، سٹرکنیا ۱ ماشہ، مارفیا ۱ ماشہ، کشتہ سونا ۲ ماشہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ، کشتہ نقرہ

۳ ماشہ، کوکین ۳ ماشہ، جدوار ۶ ماشہ، سلاجیت ۶ ماشہ، ابریشم ۶ ماشہ جملہ ادویات کو ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔
خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ نیم گرم دودھ انتہائی ٹانک ہے۔
سفوف کچلہ: کچلہ مدبر ا تولہ، فلفل دراز ا تولہ، سہاگہ بریاں ا تولہ، سنڈھ ا تولہ، کالی مرچ ا تولہ، دار چینی ا تولہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
خوراک: ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ چائے۔
فوائد: ہر قسم کے درد عرق النساء، وجع المفاصل، فالج، رعشہ کے لئے نہایت مفید ہے۔
سفوف دیدان الامعاء: سنا مکی ا تولہ، بابڑنگ ا تولہ، چھلکا اسبغول ا تولہ یہ ایک خوراک ہے روزانہ رات کو دودھ میٹھے سے استعمال کریں آنتوں کے ہر قسم کے کیڑوں کو دفع کرتی ہے۔
اکسیری کھانڈ: کروٹن آئیل ا ماشہ، سونف ۶ ماشہ، گیرو ۶ ماشہ، کھانڈ ا تولہ، تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
خوراک: ا ماشہ دودھ نیم گرم کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد: بسہولت دست لاتی ہے بلغم و سودا کو خارج کرتی ہے۔
اکسیر کھانسی: ملٹھی ا تولہ، سونف ا تولہ، دارچینی ا تولہ، دانہ الائچی خورد ا تولہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، طباشیر ۶ ماشہ، کھانڈ ا تولہ، آئل متھاپپ ا تولہ نخودی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ آب تازہ دن میں دو بار دیں۔
فوائد: کھانسی تر و خشک کے لئے مفید ہے۔
اکسیری دواء مقوی: مرجان ا تولہ، ورق یا برادہ نقرہ ۳ تولہ، سم الفار سفید ۲ ماشہ تمام دواؤں کو کھرل کریں کہ چاندی کی چمک باقی نہ رہے یا پھر گل حکمت کر کے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔
مقدار خوراک: ا رتی تا ۳ رتی مکھن یا ملائی میں۔
فوائد: ٹانک ہے خون صالح پیدا کرتی ہے۔
اکسیر خارش: مرچ سیاہ ا تولہ، سندھور ا تولہ، سہاگہ ا تولہ، کمیلہ ا تولہ، بابچی ا تولہ، نیلہ تھوتھا ا تولہ، پارہ ا تولہ، گندھک ا تولہ پہلے پارہ اور گندھک کو کھرل کریں پھر باقی دوائیں ملا کر کوٹ کر سفوف تیار کریں۔
ترکیب استعمال: ۳ ماشہ دوائی لے کر تیل سرسوں حسب ضرورت میں آمیز کر کے بدن پر مالش کریں اور ایک گھنٹہ کے بعد صابن مل کر نہالیں۔
فوائد: دو تین روز کے متواتر استعمال سے خارش کو بالکل نیست و نابود کر دیتی ہے۔
اکسیر نزلہ: بیش مدبر ۴ تولہ، جائفل ۴ تولہ، بسباسہ ۲ تولہ، سلاجیت ۲ تولہ، افیون ا تولہ، زعفران ۶ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک: ا گولی صبح ایک شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔
فوائد: نزلہ کو گرنے سے روکتی ہے زکام کے لئے بھی مفید ہے۔
خون بند: کشتہ صدف ۵ تولہ، سنگ جراح ۵ تولہ، ہڑتال گؤدنتی ۵ تولہ، کشتہ سکہ ا تولہ، تمام ادویات کو ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ کریں۔
خوراک: ا ماشہ تا ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: ہر قسم کے جریان خون کے لئے مفید ہے۔
حب افیون توڑ: کچلہ ۲ تولہ، تخم دھتورہ سیاہ ۲ تولہ، تخم اسپند ۲ تولہ، اجوائن خراسانی ڈیڑھ تولہ، جوزبوا ۴ تولہ، جلوتری ۲ تولہ، الائچی مدبر خورد ۲ تولہ، شہد ۳ تولہ تمام ادویات کو کوٹ کر شہد ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: چند یوم کے استعمال سے افیون کی عادت ترک ہو جاتی ہے۔
حب بواسیر: مردار سنگ ا تولہ، سمندر جھاگ ا تولہ، فلفل دراز ا تولہ، ہلیلہ سیاہ ا تولہ، کشتہ صدف ا تولہ، کشتہ خرمہرہ ا تولہ، کشتہ طوطیا ا تولہ آب لیموں کاغذی میں سات یوم کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب دیں۔
فوائد: بادی اور خونی بواسیر ہر دو کے لئے مفید ہے خون کا اخراج بند کرتی ہے۔
سفوف سنا: سنامکی ا تولہ، زنجبیل ا تولہ، پوست ہلیلہ زرد ا تولہ، نمک سیاہ ا تولہ سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ گرم پانی سے دیں۔
فوائد: قبض کشا اور ملین ہے۔
سفوف سعال: دار چینی ا تولہ، دانہ الائچی خورد ۲ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، طباشیر ۸ تولہ، کوزہ مصری ۱۶ تولہ تمام ادویات کو کوٹ کر ملا کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۶ ماشہ شہد میں ملا کر رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔
فوائد: خشک و تر کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔
سفوف کبد: آملہ ۵ تولہ، فلفل دراز ۵ تولہ، کشتہ فولاد ۲۰ تولہ، چینی ۱۰ تولہ سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ عرق بادیان صبح و شام استعمال کریں۔
فوائد: ضعف جگر، عظم جگر، صلابت جگر کے لئے مفید ہے۔
شربت سعال: گل بنفشہ ۱۲ تولہ، گل نیلوفر ۱۲ تولہ، ملٹھی کوفتہ ۱۲ تولہ، خشخاش ۱۲ تولہ، تخم خطمی ۸ تولہ، تخم خبازی ۸ تولہ، گاؤزبان ۸ تولہ، لسوڑیاں ۴ تولہ، بہیدانہ ۴ تولہ، اسبغول ۴ تولہ، عناب ۵۰ دانہ، برگ اڑوسہ ۲۰ تولہ، تخم کتان ۶ تولہ، تخم ریحان ۲ تولہ، تخم حلبہ ۶ تولہ جملہ ادویات کو رات کو ۴ سیر پانی

میں بھگو رکھیں صبح جوش دے کر ۴ سیر چینی ملا کر شربت کا قوام بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک تولہ تا ۲ تولہ شربت عرق گاؤزبان ایک چھٹانک میں ملا کر دیں۔
فوائد: کھانسی خشک و تر کے لئے مفید ہے۔
شربت قلب: گاؤزبان ۵ تولہ، گل سرخ ۵ تولہ، گل نیلوفر ۵ تولہ، صندل سفید ۵ تولہ، چینی ا سیر جملہ ادویات کو رات کو پانی حسب ضرورت میں بھگو رکھیں صبح جوش دے کر چھان لیں اور ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔
خوراک: ا تولہ یہ شربت عرق گاؤزبان میں ملا کر دیں۔
فوائد: ضعف قلب اختلاج قلب کے لئے مفید ہے۔
عرق عشبہ: عشبہ ۱۵ تولہ، چوب چینی ۱۰ تولہ، پانی ۵ سیر دونوں دواؤں کو پانی ۵ سیر میں ایک رات دن بھگو رکھیں اور بطریق معروف تین بوتل عرق کشید کریں۔
مقدار خوراک: ایک تولہ تا ۲ تولہ حسب برداشت۔
فوائد: مصفیٰ خون ہے پھوڑے، پھنسیوں کے لئے مفید ہے۔
لوشن: نیلہ تھوتھا ۳ ماشہ، کافور ٦ ماشہ، ست پودینہ ا ماشہ، زعفران ا ماشہ، شب یمانی بریاں ٦ ماشہ، گلیسرین ۱۵ تولہ، عرق گلاب ۳ بوتل، ایکری فلیوین ۲ ماشہ لوشن تیار کریں اور ڈراپر سے دن میں تین بار آنکھوں میں ڈالیں۔
فوائد: جملہ امراض چشم دھند، جالا، سرخی، پانی، بہنا، درد چشم اور ککروں کے لئے مفید ہے۔
کحل زنگاری: سفیدہ ۴ ماشہ، کشتہ جست ا تولہ، سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ، زنگار ۳ ماشہ، افیون ڈیڑھ ماشہ، زعفران ڈیڑھ ماشہ سرمہ باریک تیار کریں اور دونوں وقت سلائی مصفا سے آنکھوں میں لگائیں۔
فوائد: جملہ امراض چشم درد، سرخی، دھند، جالا، پھولا کے لئے مفید ہے۔
کحل ناخونہ: زاج بریاں ا تولہ، قلمی شورہ ا تولہ، سمندر جھاگ ا تولہ، زرد چوبہ ا تولہ، مصری یا چینی ا تولہ کھرل کرکے باریک سرمہ تیار کریں اور سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں لگائیں ناخونہ کے لئے بے حد مفید ہے۔
اکسیر امساک: کستوری خالص ا ماشہ، کچلہ مدبر ٦ رتی، لونگ ۲۱ عدد شہد ملا کر گولی بقدر ماشہ ماشہ تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم رات کو سوتے وقت دیں۔
فوائد: سرعت انزال کو دفع کرتی ہے اور امساک کے لئے مفید ہے۔
اکسیر جریان: ستاور ا تولہ، موصلی سفید ا تولہ، موصلی سیاہ ا تولہ، بہمن سرخ ا تولہ، بیجبند ا تولہ، سمندر سوکھ ا تولہ، تالمکھانہ ا تولہ، تخم ریحان ا تولہ، پوست بیخ اونٹ کٹارہ ا تولہ، تخم کونچ ا تولہ، تخم گاجر ا تولہ، بھو پھلی ا تولہ جملہ ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ۶ ماشہ تا ۱ تولہ ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

فوائد: سرعت انزال، جریان، احتلام، کے لئے نہایت مفید ہے قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔

اکسیر سیلان الرحم: آملہ خشک ڈھائی تولہ، مازو ۵ تولہ، اسگند ناگوری ڈھائی تولہ، پھٹکڑی (کھیل کردہ) ڈیڑھ تولہ، کشتہ مرجان ڈیڑھ تولہ، کشتہ بیضہ مرغ ڈیڑھ تولہ جملہ ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے تمام دوائیوں کے ہم وزن مصری باریک کرکے ملالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام گائے کا دودھ یا پانی سے استعمال کریں۔

فوائد: سیلان الرحم کے لئے اکسیر بے نظیر ہے زنانہ اعضاء میں پختگی پیدا کرکے کمزوری کو دور کرتی ہے۔

سفوف سورنجان: سورنجان شیریں ۱۰ ماشہ، سنامکی ۷ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ، تربد سفید مجوف ۳ ماشہ، مغز بادام ۳ ماشہ، برگ مہندی ۲ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تمام ادویہ کا نصف وزن قند سفید ملالیں۔

خوراک: ۵ ماشہ ہمراہ آب دیں درد مفاصل کے لئے مفید ہے۔

اکسیر درد کمر: سونٹھ ۶ ماشہ، رینڈی کا تیل ۶ ماشہ، گھی ۱ تولہ، قند سفید ۱ تولہ، گائے کا دودھ ۱ تولہ یہ ایک خوراک کا وزن ہے تمام ادویات کو ملا کر حلوا تیار کریں۔

فوائد: درد کمر کے لئے بے حد مفید ہے پشت کو پختہ کرتا ہے۔

ایلوپیتھی مجربات

اکسیر ڈبہ اطفال: سلفاڈایازین ۱ ٹکیہ، سوڈا بائیکارب ۵ گرین، ایفیڈرین $\frac{1}{2}$ گرین، گم اکیشیا ۳۰ گرین، پوٹاشیم برومائیڈ ۵ گرین، ایکوا ۴ ڈرام ایسی ایک خوراک دن میں تین یا چار مرتبہ دیں اور ساتھ پنسلین سوڈیم ۲ لاکھ کا انجیکشن کردیں اور سینے پر انٹی فلوجیسٹین کا پلاسٹر لگائیں۔

فوائد: ڈبہ اطفال کا اکسیری علاج ہے ایک ہی دن سے کامل شفاء ہو جاتی ہے۔

اکسیر سوکڑا اطفال: سٹرپٹومائیوسین ۱/۴ ملی گرام، سیٹامین وٹامن بی ۱۲ ۵۰۰ مائکرو گرام، ہر دو کا علیحدہ علیحدہ عضلاتی ٹیکہ کریں اور ساتھ سلفا گنناڈین کا نسخہ چار مرتبہ دیں یہ علاج تین دن جاری رکھیں ٹیکہ ہر چوتھے دن لگائیں۔

فوائد: بچوں کا سوکھ جانا اسہال، پیچش، کمزوری اور لاغری کا تجربہ شدہ علاج ہے۔

اکسیر کھانسی: سٹرپٹوپینی سلین ۱ گرام، ۴ لاکھ کا عضلاتی ٹیکہ لگائیں اور اکسیر کھانسی کا نسخہ دن میں چار مرتبہ پلائیں۔

فوائد: کھانسی کے لئے مجرب و مفید ہے۔

اکسیر دمہ: لائیکوار ایڈرینے لین ۱/۱۰۰۰ الوشن سے ۱۵ قطرے کا ٹیکہ لگائیں آدھ گھنٹہ تک تنگی تنفس

رفع ہو کر دورہ رفع ہو جائے گا اگر ضرورت ہو تو ایک گھنٹہ بعد دوبارہ ٹیکہ لگائیں۔

بعد میں اکسیر دمہ الفی ڈربن مکسچر والا نسخہ پلائیں اگر پھیپھڑوں میں کمزوری زیادہ ہو تو کیلشیم گلوکونیٹ ۱۰ سی سی کا وریدی انجکشن لگائیں کمزوری رفع ہو کر تنفس درست ہو جائے گا۔

اکسیر پیچش بیسلری: سٹرپٹومائیوسین ۱ گرام عضلاتی ٹیکہ لگائیں اور سلفا گنناڈین امشن کا استعمال کریں شدت حالات میں روزانہ ورنہ ہر تیسرے دن۔

فوائد: .سلری پیچش کا شافی علاج ہے۔

اکسیر پیچش امی بک: ایمے ٹین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱/۲ ۱ گرین، عضلاتی ٹیکہ لگائیں اور ایک ہفتہ تک علاج جاری رکھیں اور خوردنی طور پر انیٹردوایوفارم کی ایک ایک ٹیکہ دن میں تین چار بار کھلائیں۔

فوائد: ہر قسم کی جراثیمی پیچش، اسہال، ورم امعاء، ورم جگر کا مجرب اور اکسیری علاج ہے۔

اکسیر سنگرہنی: وٹامن بی ۱۲ ۱۰۰۰ مائکروگرام روزانہ عضلاتی ٹکیہ لگائیں اسہال اور پیچش کی صورت میں سلفا گنناڈین کا امشن روزانہ ۴ خوراک پلایا کریں۔

فوائد: مرض سنگرہنی (سپرد) کا سوفیصدی شافی علاج ہے۔

نیز ایکٹریکٹ (پارک ڈیوس) (کمپولان) فولک ایسڈ بھی اس مرض میں کامیابی سے استعمال ہوتے ہیں اور مرض سنگرہنی کا اکسیری علاج ہیں۔

اکسیر ملیریا بخار: کونین بائی ہائیڈرو کلورائیڈ ۱۰ گرین عضلاتی انجکشن لگائیں لیکن اس وقت لگائیں جب بخار اترا ہوا ہو اور خوردنی طور پر کونین مکسچر کی تین خوراک دن میں تین مرتبہ پلائیں۔

اکسیر میعادی بخار: کلورم فینی کول کیپ شولز ہر چھ گھنٹہ بعد دو دو کیپ شولز دیں بخار اتر جانے کی صورت میں آٹھ گھنٹہ بعد دیں حتیٰ کہ پھر بخار نہ چڑھے۔

آریومائی سین ایکرومائی سین بھی اس مرض کا خاص شافی علاج ہے۔ بچوں کے لئے ان دواؤں کے شربت بنے ہوئے مل جاتے ہیں جو بچوں کے میعادی بخار میں باآسانی استعمال ہو سکتے ہیں۔

اگر مریض بے ہوش ہو جائے اور دوائی نہ کھا سکے تو ان ادویات کے انجکشن لگائیں۔

ہر دو ادویات میعادی بخار اور خسرہ کے لئے مجرب علاج ہیں۔

اکسیر دق و سل: سٹرپٹومائیوسین ۱ گرام روزانہ عضلاتی انجکشن لگائیں جب بخار رک جائے تو ہفتہ میں ایک بار ٹیکہ لگائیں،

پی، اے، ایس ڈھائی گرام روزانہ دن میں چار بار دیں یا ہائیڈرازائیڈ ۱۰۰ ملی گرام دن میں تین بار دیں اور وٹامن بی ۱۲ ۶۰۰ یا ۱۰۰۰ مائیکروگرام ہر تیسرے دن عضلاتی ٹیکہ لگائیں۔

اگر خون آتا ہو تو کیلشیم گلوکونیٹ ۱۰ سی سی وریدی ٹیکہ لگائیں مرض دق و سل کا شافی علاج ہے۔

اکسیر سوزاک: پینیلین پروکین ۴ لاکھ عضلاتی انجکشن لگائیں، سٹرپٹومائی سین ۱ گرام عضلاتی

انجکشن لگانا بھی اس مرض کے لئے مفید ہے۔
خوردنی طور پر سلفاڈایازین چار ٹکیہ پہلی خوراک پھر ہر چار گھنٹہ بعد دو دو ٹکیہ پانی کے ساتھ دیں۔
مرض سوزاک کا شافی علاج ہے۔ پہلے دن ہی علامات رفع ہو جاتی ہیں کم از کم ایک ہفتہ علاج جاری رکھیں۔
اکسیر نزلہ و زکام: سٹرپٹو پینی سلین ۴ لاکھ ا گرام، سیٹامین ۱۰۰۰ مائکرو گرام عضلاتی انجکشن لگائیں۔
اور خوردنی طور پر اے پی او کی ایک ٹکیہ صبح ایک شام کو کھائیں۔ مرض نزلہ و زکام کا شافی علاج ہے پہلے ہی انجکشن سے فائدہ ہو جاتا ہے۔
اکسیر گنٹھیا: سیبالجین ۲ سی سی، سیٹامین ۱۰۰۰ مائکرو گرام ملا کر عضلاتی انجکشن لگائیں اور خوردنی طور پر ایڈوفان یا ارگاپائرین ایک ایک ٹکیہ دن میں تین مرتبہ دیں۔ ایک ہفتہ علاج جاری رکھیں ادویہ مکسچر بھی ساتھ جاری رکھیں۔
سوڈا سیلی سلاس ۱۰ گرین، سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین، ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ منم، ایکوا ایک اونس ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین مرتبہ پلائیں۔
فوائد: وجع المفاصل گنٹھیا کا مجرب علاج ہے۔
اکسیر نامردی: ٹسٹوویرون ۵۰ ملی گرام، سیٹامین ۱۰۰۰ مائکرو گرام علیحدہ علیحدہ عضلاتی انجکشن ہر تیسرے دن لگائیں۔
خوردنی طور پر سلوروگوران کی ٹکیہ تین عدد روزانہ کھلائیں ہر قسم کی نامردی کا مجرب علاج ہے ایک ماہ علاج جاری رکھنے سے یقیناً کامیابی ہو جاتی ہے اگر عضو کمزور ہو تو پرنیڈرین آئنٹمنٹ کی مالش کریں مفید ہے۔
اگر سرعت انزال کی شکایت ہو تو یہ نسخہ دیں۔
ڈورس پوڈر ۵ گرین، سوڈا سیلی سلاس ۵ گرین صبح و شام ایک خوراک دودھ کے ساتھ دیں اور متواتر ایک ہفتہ کھلائیں سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔
اکسیر نمونیہ: پنسلین ۵ لاکھ یونٹ، عضلاتی ٹیکہ لگائیں شدت درد کی صورت میں سیبالجین ۲ سی سی کا عضلاتی ٹیکہ مسلسل تین دن روزانہ لگائیں اور خوردنی طور پر سلفا میزاتھین، سلفاڈایازین، سلفاتھایازول۔
کوئی سی دوائی چار چار ٹکیہ ہر چار گھنٹہ بعد کھلائیں۔
اور سینہ پر انٹی فلوجسٹین کا پلاسٹر لگائیں یا لینی منٹ ٹرپن ٹائن کی مالش کریں مرض نمونیہ کا اکسیری علاج ہے پہلے دن ہی علامات میں کمی واقع ہو جاتی ہے اگر درد کم ہو تو سیبالجین کا ٹیکہ لگانے کی بجائے سیبالجین کی ٹکیہ کھلائیں۔

اکسیر ذات الجنب: سٹرپٹوپینی سلین ۴ لاکھ ا گرام عضلاتی انجکشن لگائیں خوردنی طور پر آئیزونیکس کی ٹکیاں صبح، دوپہر، شام کھلائیں اور درد کی صورت میں دافع درد سیبالجین، پیتھے ڈین، کوڈین وغیرہ دیں اور مسلسل ایک ہفتہ علاج جاری رکھیں تکلیف دے علامات دو تین دن میں غائب ہو جائیں گی البتہ مکمل آرام کے لئے ایک ہفتہ علاج جاری رکھیں۔

نیز قبض کی صورت میں میگنیشیا سلفاس کا جلاب دیں تاکہ روزانہ اجابت کھل کر ہو جائے۔

فوائد: مرض پلیورسی کا مجرب اور کامیاب علاج ہے یقیناً فائدہ ہو جاتا ہے۔

اکسیر آتشک: پروکین پینی سلین ۴ لاکھ یونٹ روزانہ عضلاتی انجکشن لگائیں تقریباً ڈیڑھ ہفتہ یہ علاج جاری رکھیں اس علاج سے مرض آتشک کے جراثیم ختم ہو جاتے ہیں اور مکمل آرام ہو جاتا ہے۔

اگر مکمل علاج کے بعد بھی نتیجہ میں جراثیم آتشک موجود ہوں تو بس کلوگول ا سی سی عضلاتی ٹیکہ لگائیں یا میفر سائیڈ یا این اے بی وغیرہ کا استعمال کریں مرض آتشک کا شافی علاج ہے۔

مکسچر پیچش: سلفا گنناڈین ۲ ٹکیہ، گم اکیشیا ۱۵ گرین، کلوروڈین ۱۰ منم، ایکوا ایک اونس روزانہ چار خوراک دیں ہر قسم کی پیچش کا شافی علاج ہے۔

سلفا گنناڈین ساڑے سات ٹکیہ یہ تنہا بھی پیچش، اسہال، ہیضہ کا مجرب و شافی علاج ہے پہلی خوراک ۶ ٹکیاں پھر ہر چار گھنٹہ بعد چار چار ٹکیہ۔

مکسچر کھانسی: الفی ڈرین ۱/۲ ا گرین، پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰ گرین، ایمونیم کارب ۵ گرین، سوڈیم کلورائیڈ ۱۰ گرین، پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ۳ گرین، ٹنکچر کیمفر کو ۲۰ منم، ایکڑریکٹ گلسرہائزا ۳۰ منم، سیرپ ٹولو یا سیرپ سلا ۳۰ منم ایکوا ایک اونس ایسی ایک ایک خوراک ہر تین گھنٹہ بعد پلائیں ہر قسم کی کھانسی کے لئے اکسیر ہے۔

مکسچر دمہ: الفی ڈرین ۱/۲ ا گرین، پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ۵ گرین، سپرٹ کلوروفارم ۱۰ منم، ٹنکچر بیلا ڈونا ۷ منم، ٹنکچر لوبیلیا ایتھر ۱۰ منم، سپرٹ ایمونیا اریومیٹک ۳۰ منم، ایکوا ا اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد: دمہ کا دورہ رفع کرنے میں مجرب و اکسیر ہے۔

اکسیر سردرد: اسپرین ۵ گرین، فناسٹین ۳ گرین، کیفین سائٹراس ۲ گرین۔

یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک دن میں دیں۔

فوائد: ہر قسم کے سردرد شقیقہ، اعصابہ، بخار، نزلہ زکام کے لئے اکسیر ہے۔

مکسچر بخار: کونین سلفاس ۵ گرین، ایسڈ سلفورک ڈل ۱۵ منم، لائیکوار آرسنک ۵ منم، مگنیشیا سلفاس اڈرام ٹنکچر کارڈکو ۳۰ منم، ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک خوراک بخار چڑھنے سے پہلے پلائیں دوائی پلانے سے پہلے کچھ کھلا دیا کریں۔

فوائد: ملیریا بخار کو روکنے کے لئے اکسیر ہے۔
مکسچر بخار: پوٹاشیم سائٹراس ۱۰ گرین، لائیکوار ایمونیا ایسی ٹاس ۳۰ منم، سپرٹ ایتھرنائٹراس ۳۰ منم، ایکوا ۱ اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک ہر چار گھنٹہ بعد دیں۔

فوائد: بخار کی صورت میں دینے سے بخار اتر جاتا ہے۔
مکسچر پیچش: میگنیشیا سلفاس ۱ ڈرام، ایسڈ سلفیورک ڈل ۳۰ منم، ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک ہر چار گھنٹہ بعد دیں حتیٰ کہ مریض کو ایک دو اجابتیں کھل کر ہو جائیں۔

فوائد: پیچش کے لئے نہایت مفید ہے۔
مکسچر ہاضم: سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین، سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۳۰ منم، سپرٹ کلوروفارم ۱۰ منم، ٹنکچر کارڈکو ۳۰ منم، ٹنکچر جنجر ۱۰ منم، سیرپ سمپل ۱ ڈرام، ایکوا منتھاپپ ۱ اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دیں۔

اگر پیٹ میں درد ہو اور مروڑ ہو تو ٹنکچر بیلاڈونا ۱۰ منم ملا لیں بدہضمی، سوء ہضم، معدہ میں تیزاب کی زیادتی اور خرابی کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر ورم جگر: ایمے ٹین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱ گرین جلدی ٹیکہ ایک ہفتہ مسلسل لگائیں اور بیرونی طور پر انٹی فلوجسٹین کا پلاسٹر مقام جگر پر لگائیں اگر ورم زیادہ ہو چکا ہو تو ایمے ٹین کے ہمراہ پینسلین ۴ لاکھ کا عضلاتی ٹیکہ لگانا بھی مفید ہے۔

اکسیر کمی خون: وٹامن بی ۱۲ ۱۰۰۰ مائکروگرام، ہر تیسرے دن عضلاتی ٹیکہ لگائیں اور ایکٹریکٹ ۱ سی سی کا عضلاتی ٹیکہ ہر دو کو ملا کر یا علیحدہ علیحدہ کریں اور خوردنی طور پر یہ نسخہ دیں۔ فیری ایٹ ایمونیا ۱۰ گرین ایکوا ۱ اونس۔

صبح و شام ایک ایک خوراک غذا کے بعد پلائیں یا فولاد کی بنی بنائی گولیاں فیروسان یا فرسولیٹ دن میں چار گولیاں دیں ہر قسم کی کمی خون کا مجرب علاج ہے ایک ہفتہ کے علاج سے معتد بہ فائدہ ہو جاتا ہے۔

اکسیر قے و متلی: وائنم اپیکاک ۲ منم، ایکوا ایک اونس۔

صبح و شام ایک ایک خوراک دیں۔
اور لائیکورا آرسنک ۲ منم، ایکوا ایک اونس۔
ایسی ایک ایک خوراک ہر گھنٹہ بعد دیں۔
اور ٹنکچر آئیوڈین ۲ منم ایکوا ایک اونس۔
ایک ایک گھنٹہ بعد ایسی ایک ایک خوراک دیں۔

ان تینوں نسخہ جات میں سے کسی ایک کو پلانا قے متلی کے لئے مجرب ہے۔

لارجیکٹال ۲۵ ایم بی ا ٹکیہ دن میں دو تین مرتبہ دیں اگر قے کی شدت ہو تو لارجیکٹال ۲۵ ملی گرام کا عضلاتی ٹیکہ لگائیں یا کلوریٹون ۴ گرین کیپ سول میں ڈال کہ دن میں دو یا تین مرتبہ کھلائیں قے و متلی کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر کالی کھانسی: آریومائی سین کیپسول ۱عدد، ملک شوگر ۲ ڈرام۔

ہر دو کو ملا کر دس دس گرین کی پڑیہ تیار کرکے مریض بچہ کو ماں کے دودھ سے کھلائیں کالی کھانسی اور میعادی بخار کے لئے مجرب ہے کلورم فینی کول سیرپ کئی مختلف تجارتی ناموں مثلاً کلورومائی سیٹن پالمی ٹیٹ وغیرہ کے نام سے ملتی ہیں ہر چھ گھنٹہ بعد دو چمچہ پلائیں کالی کھانسی اور میعادی بخار کے لئے نہایت مفید ہے۔

اگر کھانسی کے دوران پھیپھڑوں میں سوجن ہو جائے تو سٹرپٹو پنسلین کا انجکشن لگائیں۔

ایفیڈرین ۱۰ گرین، سلفاڈایازین ۱۰ ٹکیہ، فینو باربیٹون ۱۰ گرین، ایکرومائی سین، ۲ کیپسول تمام کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: پانچ پانچ گرین دن میں چار مرتبہ دیں ہر قسم کی کھانسی کا مجرب علاج ہے۔

اکسیر چھپاکی: این ٹسٹائن ایک امپیول عضلاتی ٹیکہ لگائیں اور خوردنی طور پر اس کی ایک ٹکیہ دن میں تین مرتبہ کھلائیں ہر قسم کی چھپاکی کا مجرب علاج ہے۔

اکسیر پیچش: سلفا گنناڈین ۱۲ ٹکیہ، انٹرو وایو فارم ۱۲ ٹکیہ، آریومائی سین دو کیپ شول، ڈورس پوڈر ا ڈرام، سوڈامنٹ ۱۲ ٹکیہ، تمام ادویات کو کھرل میں باریک کھرل کرکے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرین دن میں ۴ خوراک دیں۔

فوائد: ہر قسم کی پیچش، اسہال، ورم، امعا کے لئے نہایت اکسیری نسخہ ہے چند خوراکوں سے آرام ہو جاتاہے۔

اگر انتڑیوں میں رکاوٹ معلوم ہو تو پہلے کیسٹر ائل ا اونس یا میگنیشیا سلفاس ۲ ڈرام ایک اونس پانی میں حل کرکے پلائیں انتڑیاں صاف ہو جانے کے بعد مندرجہ بالا نسخہ پلائیں تو اکسیر ہے بچوں کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔

اکسیر جلن: لائم واٹر ۱۰ تولہ، روغن زیتون ۱۰ تولہ۔

دونوں کو باہم ملا کر چمچہ سے ہلاتے رہیں یہ ایک قسم کی مرہم تیار ہو جائے گی جلے ہوئے مقام پر پٹی پر لگا کر لگائیں فوراً ٹھنڈک پڑ جاتی ہے بے نظیر دواء ہے ایک دو مرتبہ لگانے کے بعد زخموں پر پنسلین مرہم لگائیں یا برنول آئنٹمنٹ بھی اس مرض کا خاص علاج ہے۔

اگر درد شدید ہو تو سیبالجین یا اے پی سی ۱۰ گرین کی ایک خوراک کھلائیں درد اور جلن فوراً بند ہو جائے گی۔

اگر زخم خراب ہو رہا ہو تو پنسلین ۴ لاکھ کا عضلاتی انجکشن لگانا مفید ہے۔

اکسیر سوزاک: ڈائی ہائیڈرو سٹرپٹومائی سین اگرام، ڈسٹلڈ واٹر ۵ سی سی

انجکشن سرنج سے ڈسٹلڈ واٹر کو سٹرپٹومائی سین کی شیشی میں داخل کریں محلول تیار ہو جائے گا۔

ایک ہی دفعہ انجکشن لگائیں پہلے ہی انجکشن سے سوزاک کے جملہ عوارضات پیشاب کی جلن، پیپ کا آنا، درد، دشواری بول سوزش وغیرہ رفع ہو جائیں گے اگر ضرورت پڑے تو چار گھنٹہ بعد دوبارہ انجکشن لگائیں۔

اندرونی طور پر سلفاڈایازین کی دو ٹکیہ ہر چوتھے گھنٹہ بعد دیں یہ گولیاں سوزاک پیدا کرنے والے جراثیم کا خاتمہ کر دیتی ہیں۔

اکسیر آتشک: ٹنکچر اکونائٹ ۲ منم، پوٹاشیم کلوریٹ ۳ گرین، لائیکوار فیرائی پر کلور ۱۰ منم، لائیکوار ہائیڈرا جرائی پر کلور ۵ منم، لائیکوار سٹرکنیا ۲۰ منم، گلیسرین ا اونس، ایکوا کلوروفارم ڈیڑھ اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک ہر تین یا چار گھنٹہ بعد دیں۔

فوائد: آتشک کی وجہ سے حلق میں شدید تعفن بدبودار زخم وغیرہ ہوں یا آتشک کی وجہ سے بخار ہو رہا ہو تو اس کو دور کرنے میں سریع الاثر ہے۔

اکسیر جریان: پوٹاشیم برومائیڈ ۳۰ گرین، ٹنکچر جیلسی مم ۵ منم، ایکسٹریکٹ ارگٹ ۱۰ منم، ٹنکچر بیلاڈونا ۷ منم، سیرپ جنجر ۳۰ منم، ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک تیسرے پہر اور رات کو سوتے وقت دیں جریان اور ذکاوت حس کے لئے مفید ہے۔

اکسیر احتلام: ٹنکچر بیلا ڈونا ا اونس، ایکسٹریکٹ کیسکارا سگریڈا ا اونس، ایکسٹریکٹ لیکورس ۴ اونس، سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۴ اونس، گلیسرین ۲ اونس سب کو باہم ملالیں۔

مقدار خوراک: ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ ۵ تولہ رات کو سوتے وقت بعد از غذاء دیں۔

فوائد: احتلام، جریان، سرعت انزال، ذکاوت حس، دائمی قبض، عصبی درد اور کمزوری قلب کے لئے مفید ہے۔

دیگر: کلورل ہائیڈریٹ ۱۰ گرین، پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰ گرین، ٹنکچر بیلا ڈونا ۵ منم، ٹنکچر ہائیوسائمس ۶۰ منم، ایکوا ا اونس۔

ایسی ایک خوراک رات کو سوتے وقت دیں۔

فوائد: کثرت احتلام، بے خوابی، جھوٹی شہوت، معمولی سی حرکت سے منی کا خارج ہونا وغیرہ کے لئے بہترین تجربہ شدہ دواء ہے۔

اکسیر مدر حیض: ٹنکچر فیرائی پر کلور ۱۰ منم، ٹنکچر ایلوز ۴۰ منم، ٹنکچر مرہ ۲۰ منم، ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ منم،

ایکوا ا اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین بار دیں حیض جاری کرنے کے لئے مفید ہے۔

اکسیر کثرت حیض: ایکٹریکٹ ارگٹ لیکوئیڈ ۳۰ منم، گیلک ایسڈ ۱۰ گرین، ٹنکچر اوپیائی ۲۰ منم، ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین بار دیں کثرت حیض کو روکنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

دیگر: ٹنکچر فرائی پر کلور ۱۰ بوند، ایکٹریکٹ ارگٹ لیکوئیڈ ۱۰ بوند، ایسڈ فاسفورک ڈل ۱۰ بوند، ایکوا ایک اونس۔

سب کو ملا کر ایسی ۲ خوراک روزانہ دیں کثرت حیض و کمزوری کے لئے مفید ہے۔

اکسیر ورم رحم: لائیکوار ایمونیا ایسی ٹاس ا ڈرام، سپرٹ ایتھر نائٹروسائی ۲۰ منم، ٹنکچر ہائیوسائمس ۲۰ منم، ٹنکچر بیلا ڈونا ۵ منم، ٹنکچر اکونائٹ ا منم، ایکوا ایک اونس ایسی ایک ایک خوراک ہر تین گھنٹہ بعد دیں ورم رحم، بخار اور درد رحم کے لئے مفید ہے۔

اور اندرونی طور پر لائسول ۲۰ منم آدھ سیر پانی میں حل کر کے اندام نہانی میں ڈوش کرائیں اور مقام درد پر انٹی فلوجسٹین پلاسٹر لگائیں۔

اکسیر اختناق الرحم: نسخہ ویلیرین ایمونی ایٹا ۳۰ منم، ٹنکچر ایسان ٹیڈا ۱۵ منم، سپرٹ ایتھر ۱۵ منم، ٹنکچر مسک ۲۰ منم، ایکوا ایک اونس ایسی ایک ایک خوراک دورہ کی حالت میں پلانے سے مرض جاتا رہے گا۔

دیگر: ٹنکچر ویرین ایمونی ایٹا ۱۰ بوند، ٹنکچر اسافیٹڈا ۱۰ بوند، ٹنکچر مسک ۱۰ بوند، ایکوا متھاپ ایک اونس۔

ایسی تین خوراک روزانہ دیں ہسٹریا کے لئے مفید ہے جب دورہ رک جائے تو پل ایلوز فرائی ایٹ مردن میں تین گولی استعمال کرائیں۔

اگر مریض کو نیند نہ آئے تو فینوبار بیٹون سوڈیم ۱/۲ گرین، ملک شوگر ۵ گرین باہم ملا کر کھلائیں عمدہ خواب آور ہے۔

ٹنکچر ویلیرین ایمونی ایٹا ۳۰ منم، سپرٹ ایمونیا ارومیٹک ۳۰ منم، ایکوا متھاپ ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک تین بار بعد از غذاء دیں ہسٹریا کے لئے مفید ہے۔

اکسیر الطحال: فیری ایٹ کونین سٹراس ۵ گرین، فیری سلفاس ۵ گرین، کونین سلفاس ۲ گرین، ایسڈ سلفیورک ڈل ۵ منم، میگ سلف ۴ ڈرام، سوڈا سلفاس ا ڈرام، ایکوا کلوروفارم ایک اونس۔

ایسی ایک خوراک ہر تین گھنٹہ بعد دیں تلی کو کم کرنے کے لئے اول درجہ کی دواء ہے۔

اکسیر درد گردہ: ٹنکچر بیلا ڈونا ۱۰ منم، سپرٹ ایتھر نائٹروسائی ۲۰ منم، سپرٹ کلوروفارم ۱۰ منم، ٹنکچر ہائیوسائمس ۲۰ منم، لائیکوار مارفیاہائیڈرو کلور ۴۰ منم، ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک خوراک ہر تین گھنٹہ بعد دیں۔

فوائد: شدت درد کو روکنے کے لئے بہترین دوائی ہے درد گردہ، مثانہ، درد قولنج، درد جگر کے لئے

مفید ہے۔

اکسیر ڈبہ اطفال: کیلومل ٦ ماشہ، پلوا پیکاک ١ تولہ، سوڈا بائیکارب ڈیڑھ تولہ، عصارہ ریوند ٦ ماشہ۔

مقدار خوراک: ١ رتی تا ٤ رتی ڈبہ اطفال کے لئے اکسیر ہے دست اور قے ہو کر بلغم خارج ہو جاتی ہے تمام علامات کھانسی، بلغم کا رکنا، تنگی تنفس، پسلی چلنا، بخار وغیرہ فوراً دور ہو جاتا ہے۔

اکسیر پائیوریا: کافور ٢ تولہ، ایسڈ کاربالک ١ تولہ، ٹنکچر آئیوڈین ٩ ماشہ، منتھول ٤ رتی، کریازوٹ ٤ قطرہ۔

ترکیب استعمال: رات کو اول پانی میں نمک حل کرکے غرارے کرائیں پھر یہ دوائی روئی سے لگا کر دانتوں پر لگا دیں اور پانی وغیرہ سے کلی نہ کریں صبح گرم پانی جس میں نمک ملا ہو سے کلی کریں ایک ہفتہ متواتر یہ عمل کریں درد دانت، کیڑا لگنا، پائیوریا دور ہو جائے گا۔

کف مکسچر: ایمونیا کارب ٨ گرین، سپرٹ کلوروفارم ١٠ منم، ٹنکچر کیمفر کو ١/٢ ١ ڈرام، ایکوا اینے سائی ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین بار دیں خشک کھانسی جو نزلہ زکام کی وجہ سے ہو کے لئے مفید ہے۔

محلول دمہ: پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ٢ ڈرام، سپرٹ کلوروفارم ١ اونس، سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ١ اونس، ٹنکچر لوبیلیا ایتھرا اونس۔

بوتل میں ڈال کر حل کر لیں دمہ کا کامیاب علاج ہے بوقت دورہ ایسی ایک ایک خوراک پلائیں دورہ کو فوراً دور کرتا ہے۔

اکسیر یرقان: ایسڈ ہائیڈرو کلورک ڈل ١٠ منم، ایکٹریکٹ ٹریکسے سائی لیکوئیڈ ١ ڈرام، ٹنکچر جنشن کو ٣٠ منم، ٹنکچر کارڈکو ٣٠ منم، سیرپ آرتشائی ١ ڈرام، ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک دن میں دو بار دیں اگر قبض ہو جائے تو ایک ڈرام سوڈا سلفاس پلائیں یرقان کے لئے مفید ہے۔

اکسیر معدہ: بسمتھ کارب ١٠ گرین، میگنیشیا کارب ٥ گرین، سوڈا بائیکارب ١٠ گرین، سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ١٥ منم، ٹنکچر دہائی کو ٢٠ منم، ایکوا منتھاپپ ایک اونس۔

یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک ایک خوراک دن میں دو بار دیں۔

فوائد: ضعف معدہ، ضعف جگر، سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔

غذاء: سادہ، زود ہضم دیں روغنی اور نشاستہ دار ترش اور زیادہ گرم غذاء سے پرہیز کریں۔